E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

بانی نیاز پاشا جدون

فون نمبر 0992-385577

جلد نمبر 37 | بدھ 26 ربیع الاول 1448ھ 09 ستمبر 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 183

حویلیاں ٹی ایم اے مالی بحران کا شکار، پنشنرز 3 ماہ سے پنشن سے محروم

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں ٹی ایم اے کے پنشنرز کو گزشتہ 3 ماہ سے پنشن نہیں مل رہی غریب لوگ ہیں ہم ہمارا گزر بسر اکثر پنشنرز اس پنشن پر چل رہا ہے ٹی ایم اے حویلیاں کے ریٹائرڈ ملازم ٹی ایم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ایبٹ آباد بار کی ہڑتال جاری، وکلا آج 22-A کی درخواستیں دائر کرینگے

ایڈ لاک ختم نہ ہوسکا، ہزارہ بھر کی بار ایسوسی ایشنز میں مکمل طور پر ہڑتال ہو گی، وکلاء برادری نے اسسٹنٹ کمشنر کے تبادلے تک ہڑتال جاری کرنے کا اعلان کر رکھا ہے

ایبٹ آباد (نامہ نگار) وکلاء انتظامیہ تنازعہ پر ڈسٹرکٹ بار کی قانونی معاملات کی پیروی کرنیوالی کمیٹی آج A-22 کی درخواستیں عدالت میں دائر کرے گی جبکہ آج بھی ایبٹ آباد ہائی کورٹ بار سمیت ہزارہ بھر کی بار ایسوسی ایشن کا مکمل ہڑتال کا اعلان۔ دو ستمبر کو فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر سے شروع ہونیوالی وکلا اور اسسٹنٹ کمشنر کے درمیان کشیدگی ختم نہ ہوسکی اور آج مسلسل آٹھویں روز بھی ایبٹ آباد ہائی کورٹ بار سمیت ہزارہ بھر کی بار ایسوسی ایشنز میں مکمل طور پر ہڑتال ہو گی۔ وکلا نے اسسٹنٹ کمشنر کے تبادلے تک ہڑتال جاری کرنے کا اعلان کر رکھا ہے جبکہ دوسری طرف ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن کی طرف سے واقعہ پر قانونی معاملات کی پیروی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

صوبہ بھر کی عدالتوں کا ایک دن کا خرچ 12 کروڑ ہونے کا انکشاف

عوام کے ٹیکس سے چلنے والے عدالتی نظام کا بلاتعطل فعال رہنا انتہائی ضروری ہے، ایس ایم عتیق شاہ

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ خیبر پختونخوا بھر میں عدالتی نظام کے اخراجات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

کرپشن کے خاتمے کیلئے اجتماعی جدوجہد ناگزیر، کمشنر ہزارہ

ایبٹ آباد میں سیمینار، شفافیت و دیانتداری اپنانے اور بدعنوانی کے خلاف آواز اٹھانے پر زور

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) کرپشن کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ کمشنر ہزارہ ڈویژن امانت، دیانت اور احتساب و شفافیت ترقی یافتہ اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہیں' شاہد اللہ خان کمشنر ہزارہ ڈویژن شاہد اللہ خان نے کہا ہے کہ کرپشن کے خاتمے کی ابتدا ہر فرد کو اپنے آپ سے کرنی چاہیے، کرپشن کے خلاف جدوجہد صرف نیب یا اینٹی کرپشن جیسے اداروں کی ذمہ داری نہیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

صوبہ ہزارہ کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو متحد کرینگے، مرتضیٰ جاوید عباسی

صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ کسی فرد، جماعت یا گروہ کا نہیں بلکہ ہزارہ کے عوام کی دیرینہ خواہش ہے

حویلیاں (نمائندہ شمال) مسلم لیگ ن ہزارہ کے تمام ... قائدین کا ... سابق وفاقی وزیر ... خیبر پختونخواہ ... مرتضیٰ جاوید عباسی ... مسلم لیگ ن تمام سیاسی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

کمشنر ہزارہ ڈویژن شاہد اللہ خان ضلع ایبٹ آباد میں انسداد بدعنوانی کے سلسلہ میں واک کی قیادت کر رہے ہیں

بلدیاتی قانون میں تاخیر، الیکشن کمیشن برہم

الیکشن کمیشن نے بعد ازاں صوبائی حکومت کو قانون سازی کے لیے مزید تین ہفتے کا وقت دے دیا، قانون سازی مکمل کرنے کی ہدایت، کیس کی آئندہ سماعت 29 ستمبر کو ہوگی

راولپنڈی (خالد قریشی سے) خیبر پختونخوا میں بلدیاتی قوانین میں ترمیم کا عمل تاخیر کا شکار ہونے پر الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اسے حکومت کے تاخیری حربے قرار دے دیا، جبکہ کمیشن نے خبردار کیا کہ معاملہ مزید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

ایبٹ آباد (نامہ نگار) بلدیاتی الیکشن کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبر پختونخواہ حکومت کو قانون سازی کے لئے تین ہفتے کی مہلت دیدی۔ گزشتہ روز خیبر پختونخواہ میں بلدیاتی الیکشن کیس کی سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

پھلڑہ (محمد سعید سے) خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات: الیکشن کمیشن نے حکومت کو قانون سازی کیلئے 3 ہفتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

پی ٹی آئی مانسہرہ میں گروپ بندی، کارکن پریشان

اندرونی اختلافات سے 27 ستمبر کے احتجاج پر اثرات کا خدشہ، قیادت سے اتحاد کی اپیل

شنکیاری (بیورو چیف) مانسہرہ میں پی ٹی آئی میں مبینہ گروپ بندی اور انتشار، دیرینہ کارکن شدید پریشان؛ 27 ستمبر کے احتجاج پر بھی اثرات کا خدشہ پاکستان تحریک انصاف مانسہرہ میں اندرونی اختلافات، گروپ بندی اور دھڑے بندی کے باعث (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

سرکل پھلڑہ کے اکثریتی مواضعات کمپیوٹرائز ہو چکے ہیں، ضیاء الرحمن

پھلڑہ (نمائندہ شمال) سرکل پھلڑہ کے اکثریتی مواضعات کمپیوٹرائزڈ ہو چکے ہیں چند مواضعات ریکارڈ درستگی کی وجہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

نوکوٹ، صابر شاہ میں تین روزہ تبلیغی اجتماع آج سے شروع ہوگا

ڈیڑھ لاکھ افراد کی گنجائش کا پنڈال تیار، ملک بھر سے تبلیغی جماعتوں کی آمد جاری

بفہ (خالد رحمٰن) ضلع مانسہرہ کے وادی پکھل کے علاقے نوکوٹ، صابر شاہ میں تین روزہ روح پرور تبلیغی اجتماع آج بدھ کے دن سے شروع ہورہا ہے اجتماع کے لئے گزشتہ ایک ماہ سے جاری انتظامات کو آخری شکل دی جا چکی ہے جبکہ ملک بھر سے تبلیغی جماعتوں کی آمد کا سلسلہ بھی دو تین دن سے جاری ہے تقریباً ڈیڑھ لاکھ افراد کے گنجائش کے لئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

شنکیاری میں اسلحہ کے زور پر ٹیکسی ڈرائیور لٹ گیا

ڈکیتی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، تیسرے کی تلاش جاری، مزید تفتیش شروع

مانسہرہ + پھلڑہ (نمائندہ شمال) اسلحہ کی نوک پر غریب ٹیکسی ڈرائیور کو لوٹنے والے موگنن کے رہائشی 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ 1 ملزم کی تلاش جاری باندہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

بٹگرام میں ڈینگی تدارک کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

بٹگرام (ہلال یوسفزئی) ڈپٹی کمشنر بٹگرام محمد شعیب کی زیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

شنکیاری، لوڈشیڈنگ نے عوام کو بے حال کر دیا، ایکشن کمیٹی خاموش

کم وولٹیج سے شہری پریشان، شام کو وولٹیج 140 سے نیچے گرنے کا دعوی، عوامی نمائندوں کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی

شنکیاری (بیورو چیف) ایکشن کمیٹی کی خاموشی، لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج نے عوام کا جینا محال کر دیا علاقہ بھر کے درجنوں سماجی حلقوں کا سوال: "شنکیاری کے مسائل کون حل کرے گا؟ دو سال قبل عوامی دباؤ پر بنی "شنکیاری ایکشن کمیٹی" جو علاقے کے سنجیدہ، سماجی اور عوامی نمائندوں پر مشتمل تھی، اب طویل خاموشی کے باعث خود سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ کمیٹی کے غیر فعال ہونے سے شنکیاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

کنگ عبداللہ ہسپتال کی لیبارٹری میں بنیادی ٹیسٹوں کی سہولت ناپید

مریضوں کو مہنگے ٹیسٹ باہر سے کرانے پر مجبور، فنڈز اور ضروری وسائل فراہم کرنے کا مطالبہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ ضلع مانسہرہ کا سب سے بڑا سرکاری ہسپتال ہے جہاں روزانہ کثیر تعداد میں عوام علاج معالجے کے لیے آتے ہیں اور نہ صرف ضلع مانسہرہ بلکہ کوہستان، بٹ گرام، تورغر اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

بٹگرام تبلیغی اجتماع اختتام پذیر، رقت آمیز دعائیں کی گئیں

ملک وملت کے امن وسلامتی کیلئے خصوصی دعا، ڈی پی او قمر حیات کی شرکت

بٹگرام (ہلال یوسفزئی) تبلیغی اجتماع میں بارگاہِ الٰہی میں رقت آمیز مناظر، ملک وملت کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا تبلیغی اجتماع حلقہ بٹگرام کے اختتامی لمحات میں علما کرام کی پرسوز دعا کے دوران روح پرور اور رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ ملک وملت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ہری پور گرینڈ پی ٹی سی مشاورتی اجلاس کے بعد فیصل خان ترک و دیگر شرکا کا پرنسپل ڈاکٹر عامر عتیق کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہری پور، انڈسٹری مالکان کا اہم اجلاس، متعدد فیصلہ جات کئے گئے

ڈی سی کی جانب سے بنائی گئی کمیٹی غیر قانونی قرار، انڈسٹریز ملازمین کی فلاح و بہبود کا عزم

ہری پور (نمائندہ شمال) انڈسٹری مالکان کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اکثریت انڈسٹری مالکان نے شرکت کی اجلاس میں موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد درج ذیل اہم فیصلے کئے گئے، اجلاس میں متفقہ طور پر موقف اختیار کیا گیا کہ ڈی سی کی جانب سے بنائی گئی کمیٹی غیر قانونی ہے چونکہ وفاقی وصوبائی تقریباً 32 ادارے انڈسٹریز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ڈی پی او تورغر ارشد خان (PSP) کی تھانہ کاروڑ کے حدود گاں گواندلہ میں کھلی کچہری

سرکاری نرخنامہ ہوا میں، شنکیاری میں قصابوں نے انت مچادی

بیمار اور لاغر جانوروں کو ذبح کرے ہیڈ والا گوشت بارہ سو روپے کلو فروخت ہو رہا ہے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) شنکیاری میں قصابوں نے انت مچا رکھی ہے قصابوں نے سرکاری نرخنامہ ہوا میں اڑا دیا ہڈی والا گوشت بارہ سو روپے کلو میں فروخت ہو رہا ہے بیمار اور لاغر جانوروں کو ذبح کر کے گوشت فروخت کیا جا رہا ہے ناغہ کے روز بھی گوشت فروخت کیا جا رہا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے بھیڑوں کا گوشت بکرے کے گوشت کے نام پر فروخت کیا جا رہا ہے خالص گوشت پندرہ سو روپے کلو میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

دین اسلام کی تعلیمات سے دوری ہماری تباہی کا سبب بن رہی ہے

آج کے فتنہ پرور دور میں دین اسلام کی تعلیمات سے آراستہ ہونا ضروری ہے، علمائے کرام

پھلڑہ (نمائندہ شمال) دین اسلام کی تعلیمات سے دوری ہماری تباہی کا سبب بن رہی ہے جس کی وجہ سے معاشرہ میں جرائم عام ہو رہے ہیں آج کے فتنہ پرور دور میں دین اسلام کی تعلیمات سے آراستہ ہونا ضروری ہے، علمائے کرام نے کہا ہے کہ دین اسلام کی تعلیمات سے دوری ہماری تباہی کا سبب ہے قرآن وسنت کے مطابق ہی زندگی گزارنے میں ہماری دونوں جہانوں کی کامیابی ہے دین اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے اور افسوس کا مقام ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ڈی پی او تورغر کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل حل کرنے کے احکامات

اراضی تنازعات کیلئے ڈی آر سی فعال، آئس سمیت منشیات کے خلاف کارروائی میں عوام سے تعاون کی اپیل

تورغر (ہلال یوسفزئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تورغر ارشد خان (PSP) نے تھانہ کاروڑ کے حدود گاں گواندلہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ڈی ایس پی سرکل کنڈر حسن زئی، ایس ایچ او تھانہ کاروڑ، دیگر پولیس افسران واہلکاران، معززین علاقہ، علما کرام، تاجر برادری اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران عوام نے اپنے مختلف انفرادی و اجتماعی مسائل اور شکایات ڈی پی او تورغر کے سامنے پیش کیں۔ ڈی پی او (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

پیپلز پارٹی ایبٹ آباد کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس

مقررین کا عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ، مذہبی شعور اور اتحادِ امت پر زور

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ایبٹ آباد کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس پیپلز سیکرٹریٹ میں ضلعی صدر سید سلیم شاہ کی زیر سرپرستی منعقد ہوئی، جس کی صدارت پیر سید محبوب حسین شاہ کاظمی نے کی جبکہ پیر سید مجاہد حسین شاہ کاظمی اور پروفیسر امین شاہد نے خصوصی خطاب کیا۔ کانفرنس میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور مقررین نے کہا کہ انہوں نے 1974 میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

ایبٹ آباد' پیپلز سیکرٹریٹ میں منعقدہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے پروفیسر امین شاہد و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پٹرول کی قیمت میں 13 روپے اضافہ عومت کا ظالمانہ فیصلہ ہے

حکومت نے مہنگائی کی چکی میں پسی عوام پر ایک اور بم گرادیا ہے، عوامی حلقے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ظالم حکومت کا ظالمانہ فیصلہ پٹرول کی قیمت میں تیرہ روپے تک اضافہ کر کے پہلے سے مہنگائی کی چکی میں پسی عوام پر ایک اور بم گرادیا مسلم لیگ ن کی حکومت نے گزشتہ روز پٹرول کی قیمتوں میں تیرہ روپے اور ڈیزل کی قیمت میں چار روپے اضافہ کر کے مسلم لیگ ن کے نام سے بھی تنفر کردیا عوامی وسماجی حلقوں نے گزشتہ روز حکومت کی جانب سے عوام پر پٹرول بم گرانے پر کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی عوام دشمنی مسلم لیگ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر بٹگرام محمد شعیب ڈینگی کے تدارک اور روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ن لیگی ایم این اے بھی 5 لاکھ 20 ہزار میں مشکل گزارے کی شاکی

عوام دوست پالیسیوں کا فقدان، مہنگائی سے پریشان عوام کا حکومتی پالیسیوں پر سوال

بجنہ (نامہ نگار) عوام مہنگائی سے چیخیں مار رہی ہیں اور ن لیگی MNA محترم 5 لاکھ 20 ہزار اور دیگر مراعات کے ساتھ مشکل گزارے کا گلہ کر رہی ہیں۔ یہ بات غریب، سفید پوش اور مزدور کار طبقہ نے حکمران جماعت ن لیگ کی ممبر قومی اسمبلی محترمہ شمائلہ رانا کی طرف سے پانچ لاکھ بیس ہزار کی پرکشش تنخواہ اور دیگر مراعات کے ساتھ مشکل سے گزارہ کرنے کا گلہ کر کے خود ہی اس اتحادی حکومت کی ناقص پالیسیوں کے بدلے مصنوعی مہنگائی کے طوفان کا اعتراف قرار دیتے ہوئے شمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ شمائلہ رانا کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

خیبر پختونخوا بدامنی اور بحران کا شکار، میاں افتخار حسین

صوبائی حکومت عوام کو سہولیات فراہم نہ کرسکی پی ٹی آئی کی پالیسیوں میں تضاد عوام کے سامنے آ گیا

تناول (نامہ نگار خصوصی) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا کے صوبائی صدر میاں افتخار حسین نے کہا ہے کہ خیبر سے وزیرستان، باجوڑ اور ڈی آئی خان تک صوبہ بدامنی کی صورتحال سے دوچار ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو اساتذہ اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے وسائل کی کمی کا سامنا ہے، جبکہ ہسپتالوں میں مریضوں کے لیے بیڈز اور ادویات کی عدم دستیابی بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ میاں افتخار حسین نے وزیر اعلی خیبر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

سرائے نعمت خان کیلئے کروڑوں کے ترقیاتی فنڈز کا اعلان

کمیونٹی سنٹر، جنازہ گاہ، قبرستان، سکول بلڈنگ اور سولر سسٹم کے منصوبوں پر کام شروع کرنے کی یقین دہانی

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر محمد ساجد اعوان) سرائے نعمت خان میں خان برادران کی طرف سے فنڈز کی بارش کمیونٹی سنٹر جنازہ گاہ قبرستان اراضی کی فراہمی ھائیر سکینڈری سکول کی نئی بلڈنگ اور مکمل سولر سسٹم کیلئے کروڑوں کے فنڈز عوام کا زبردست خراج تحسین گزشتہ روز سابق صوبائی وزیر یوسف ایوب خان نے سرائے نعمت خان کا دورہ کیا دورہ کے دوران کمیونٹی سنٹر کے آخری مراحل میں جاری کام کا معائنہ کرنے کے ساتھ ساتھ موغلی بن کی بھرائی کر کے جنازہ گاہ کی تعمیر سرائے نعمت خان شہر کی قبرستان اراضی کی فراہمی بوائز ہائیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

قیمتوں میں بڑا اضافہ، پیٹرول 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہوگیا

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث سگے باپ بیٹے گرفتار

ایس ایچ او تھانہ لاری اڈہ فیصل خلیل نے ملزمان قبضے سے 8 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث سگے باپ بیٹے گرفتار، 8 موٹر سائیکل ریکور کر لیے گئے۔ تھانہ لاری اڈہ پولیس نے موٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

پھلڑہ باپ بیٹا سے برآمد ہونے والے موٹر سائیکل

ہری پور گرینڈ پی ٹی سی اجلاس، سکول مسائل کے حل پر غور

راستے، اضافی کمروں، عملے کی پوسٹوں اور سائنس لیب کا سامان فراہم کرنے کا مطالبہ

ہری پور (نمائندہ شمال) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول سنٹرل جیل میں گرینڈ پی ٹی سی کے اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں ادارہ اور طلبا کو درپیش کئی اہم ترین مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول سنٹرل جیل ہری پور میں پرنسپل ڈاکٹر عامر عتیق صدیقی کی صدارت میں ایک گرینڈ پی ٹی سی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرمین پی ٹی سی میر زمان ممبران روشن دین، ھارون خان کے علاوہ سابق چیئرمین فیصل خان ترک، نادر خان، ملک وحید احمد، ملک خان افسر، ملک اورنگزیب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

آج سے ہونے والے اجتماع کے تمام مسائل پر نظر ثانی کی جائے، جمیل انور ماموں

پکھل (چیف رپورٹر) ڈی سی مانسہرہ اور دیگر انتظامیہ سے اپیل ھے کہ آج سے ہونے والے اجتماع کے تمام مسائل پر نظر ثانی کی جائے خاص طور پر ٹریفک کی وجہ سے اجتماع میں مسائل درپیش نہ ھوں ان خیالات کا اظہار امیر جماعت جمیل انور ماموں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

شنکیاری اشیاء خورد و نوش کے من مانے نرخ مقرر، کوئی پوچھنے والا نہیں

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) محکمہ فوڈ کنٹرول صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی غفلت اور لاپرواہی مانسہرہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

حویلیاں پولیس کی کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار کرلیا گیا

ایس پی حویلیاں ڈویژن کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون الرشید خان کی ہدایات پر مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں جاری ایس پی حویلیاں ڈویژن کی خصوصی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل حویلیاں کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ حویلیاں کیڈٹ عبدالغفور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر خرم شہزاد جدون

فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے: گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس: پلاٹ نمبر A-6 سال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد۔ فون نمبر 0992-385577، موبائل نمبر 0311-8185558، E-mail:dailyshamal1991@gmail.com website:shamal.com.pk

سوات: حاجی بابا چوک جنگورہ سوات 0946-711788

مظفر آباد: عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد 05822-446938

کراچی: امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کانڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی، فون نمبر: 021-2762266-2762241، E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد: حاجی وحید الزمان 03345008600

مانسہرہ بیورو: شہزاد جہانگیری، فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو: 0315-5906226 جاوید عباسی، ایس پی آفس سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف: 0343-9555768 عبدالقدیر

بدھ 26 ربیع الاول 1448ھ 09 ستمبر 2026ء 2083ب

عوامی سہولت مراکز، انتظامیہ کی کارکردگی کا آئینہ

ڈپٹی کمشنر سردار سلیم کا سہولت مرکز کا دورہ ایک خوش آئند اقدام ہے، کیونکہ عوامی سہولت مراکز کا بنیادی مقصد شہریوں کو سرکاری خدمات ایک ہی جگہ، آسان اور شفاف انداز میں فراہم کرنا ہے۔ ایسے مراکز میں افسران کی موجودگی اور عوامی مسائل کا براہِ راست جائزہ انتظامیہ اور شہریوں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سہولت مرکز کا دورہ صرف رسمی کارروائی تک محدود نہ رہے بلکہ شہریوں کو درپیش مشکلات، غیر ضروری تاخیر، عملے کے رویے اور خدمات کی فراہمی کے معیار کو مستقل بنیادوں پر مانیٹر کیا جائے۔ عوام کو سرکاری دفاتر کے چکروں سے نجات دلانا ہی حقیقی معنوں میں گڈ گورننس ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا دورہ اس حوالے سے ایک مثبت پیغام ہے، تاہم اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب اس دورے کے نتیجے میں سامنے آنے والی شکایات اور مسائل کے عملی حل کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انتظامیہ کو چاہیے کہ سہولت مراکز کو محض عمارت یا دفتر نہیں بلکہ عوامی خدمت کا حقیقی مرکز بنائے، جہاں ہر شہری کو عزت، سہولت اور بروقت انصاف میسر ہو۔

تلاش گمشدہ

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی نمبر 606543319-5 بنام رفاقت ولد محمد رفیق کہیں گم ہو چکی ہے متعلقہ پالیسی جس کسی کو ملی ہو یا اس پر کوئی دعویٰ رکھتا ہو تو ایک ماہ کے اندر منیجر PHS اسٹیٹ لائف کو مطلع کرے بصورت دیگر کوئی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا۔

انچارج، پالیسی ہولڈر سروس اسٹیٹ لائف انشورنس، ایبٹ آباد

اطلاع عام

بذریعہ ہذا تمام متعلقہ اداروں اور عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیاز محمد ولد خان خواص خان، شناختی کارڈ نمبر: 6110119269217، ساکن موضع: بھلورا خورد، تحصیل: لورتناول، ضلع: ایبٹ آباد، مورخہ 4 جنوری 2026 کو انتقال فرما گئے ہیں۔ مرحوم کی تمام منقولہ و غیر منقولہ جائیداد پر ان کے پانچوں بیٹے، ریاض محمد، محمد امتیاز، قیصر خان، نعیم خان اور عامر خان بحیثیت وارثان شرعی حقدار ہیں۔ لہٰذا اگر کسی کو مذکورہ جائیداد کے متعلق کوئی اعتراض یا دعویٰ ہو تو وہ اشاعتِ اشتہار ہذا کے سات دن کے اندر اندر ثبوت کے ساتھ پیش کرے، بصورت دیگر بعد ازاں کسی کا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

اطلاع عام

میری والدہ مسماۃ بشریٰ زوجہ ملک خورشید سکنہ بلہنگ پائیں ضلع و تحصیل مانسہرہ فوت ہو چکی ہیں جنکے شرعی وارثان میں رئیس احمد پسر و مسماتان سعدیہ لاریب، کائنات خورشید، حرا خورشید دختران ہیں اور کوئی شرعی وارث نہ ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر حلقہ پٹوار بلہنگ پائیں سے رابطہ کریں۔

منجانب، شرعی وارثان متوفیہ

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرے بیٹے شہباز، شیر باز ولد نیاز عرف ناجی سکنہ ٹھاکرہ مانسہرہ دونوں نافرمان ہیں اور غلط چال چلن اور غلط سوسائٹی سے منسلک ہیں آج کے بعد میرا ان سے اور انکے کسی بھی قول و فعل، لین دین سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کرتا ہوں کہ ان کیساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کرنیوالا خود ذمہ دار ہوگا۔

منجانب، نیاز عرف ناجی سکنہ ٹھاکرہ مانسہرہ (والد)

اطلاع عام

میرے والد غلام جیلانی ولد نجیب اللہ وفات پا چکے ہیں جن کے شرعی و حقیقی وارثان میں مسماۃ ریشماں (بیوہ) مسیان مشتاق احمد، محمد سجاد، امتیاز احمد، اعجاز احمد (اشفاق احمد فوت شد) پسران و مسماتان رقیہ بی بی، حبیبہ بی بی، کرن بی بی دختران غلام جیلانی شامل ہیں ان کے علاوہ دیگر کوئی شرعی و حقیقی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم متعلقہ تحصیلدار صاحب سے رابطہ کرے بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: محمد سجاد ولد غلام جیلانی ساکنہ کٹھہ دوبندی گڑھی حبیب اللہ تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ

درستگی تاریخ پیدائش

میری بچی ماہ نور بی بی دختر محمد عالم زیب کی درست تاریخ پیدائش 13/01/2013 ہے جبکہ سکول ریکارڈ میں غلطی سے 13/01/2012 لکھی گئی ہے لہٰذا درستگی کی جائے۔

المشتہر: محمد عالم زیب ولد شراب خان سکنہ عنایت آباد ڈبفہ پکھل مانسہرہ 13503-7141974-5

اطلاع عام

میرے والد اورنگزیب ولد عزیز الرحمٰن فوت ہو چکے ہیں جنکے شرعی وارثان میں بیوی شمشید پسر راشد جبکہ دختران میں آسیہ بی بی، ساجدہ بی بی، سعیدہ بی بی شامل ہیں انکے علاوہ کوئی وارث نہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو تحصیلدار مانسہرہ یا حلقہ پٹوار سے رابطہ کرے۔

راشد ولد اورنگزیب مرحوم ساکنہ کلیال اوگرہ مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد محمد شریف انور ولد فقیر محمد خان وفات پا چکے ہیں جنکے شرعی وارثان میں محمد عارف حسین انور، عامر سہیل (پسران) سائرہ بی بی، حاجرہ بی بی، زینب بی بی اور شاہین بی بی (دختران) شامل ہیں۔ انکے علاوہ کوئی شرعی وارث نہ ہے۔ اس سلسلے میں اگر کسی کو کوئی عذر / اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر متعلقہ پٹواری سے رجوع کرے۔ بعد میں کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب، عامر سہیل ولد محمد شریف انور ساکن بانڈہ کیچ یوسی جبوڑی تحصیل ڈبفہ پکھل ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

غلام فاروق ولد آزاد بخت فوت ہو چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں مسرت بی بی (بیوہ) جنید پسر و مسماتان حورین، قرۃ العین دختران غلام فاروق شامل ہیں ان کے علاوہ کوئی وارث نہیں جس کسی کو اعتراض ہو تو سات یوم تک متعلقہ پٹواری سے رجوع کرے۔

منجانب مسرت بی بی بیوہ غلام فاروق ساکنہ پنجول ضلع مانسہرہ

اعلان لاتعلقی

خورشید احمد ولد شیر زمان ساکنہ محلہ کسالہ بالا ہری پور کا رہائشی ہوں کہ میں اپنے بیٹے ایاز محمد کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد و اثاثہ جات سے عاق کرتا ہوں اور آج کے بعد میرا میرے بیٹے سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور یہ کہ آج کے بعد میرے بیٹے سے لین دین، قول و فعل و جملہ معاملات کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا میرا اس سے کوئی تعلق ہرگز نہ ہے۔

منجانب: خورشید احمد ولد شیر زمان ساکنہ کسالہ ایبٹ آباد

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بااختیارات کلکٹر صاحب، مانسہرہ

خلیل الرحمٰن وغیرہ بنام گلزار بی بی وغیرہ

اشتہار اخبار برخلاف ترتیبی رسپانڈنٹس اقبال ولد اورنگزیب، محمد طاہر ولد رفیق، اقبال ولد گلزمان، لیاقت ولد فدا محمد، عطاء الرحمٰن، محمد یوسف پسران عبدالسلام ساکنان نیودر بند، عبدالواحد، عبدالعثمان پسران امان اللہ ساکنان بانڈہ باور خان تحصیل اوگی، محبوب الرحمٰن ولد یوسف، شیراز احمد ولد محبوب الرحمٰن، محمد جمیل، عبدالماجد، محمد بلال پسران اسماعیل ساکنان نسیم آباد شمد ہڑہ، مسماۃ ثمینہ بی بی بیوہ، مسماۃ ثمینہ بی بی بیوہ مصور، مسماۃ ثمینہ بی بی بیوہ مصور یونس ولد مصور، محمد سلطان ولد داؤد، مسماۃ نگینہ، شیراز احمد ولد محبوب الرحمٰن ساکنان شمد ہڑہ تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ (ترتیبی رسپانڈنٹس)

اندریں مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کو بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ ضروری طور پر مورخہ 14-09-2026 کو حاضر عدالت ہو کر پیروی و جوابدہی مقدمہ عنوان بالا کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی۔

دستخط حاکم / مہر عدالت

اطلاع عام

میرے والد محترم محمد داد ولد سلام دین فوت ہو چکا ہے کے شرعی وارثان میں بیوہ مسمات بی بی گلشن، زوجہ محمد داد، عبدالرشید، محمد اشرف، محمد صدیق، محمد سعید، بی بی شازیہ، پسران دختر محمد داد شامل ہیں جنکے علاوہ کوئی شرعی، قانونی وارث نہیں اگر کسی کو عذر و اعتراض ہو تو حلقہ پٹوار سے سات یوم کے اندر اندر رجوع کریں

منجانب محمد اشرف ولد محمد داد ساکن کنڈ شنی بالا تحصیل ڈبفہ پکھل ضلع مانسہرہ

اطلاع عام

میری والدہ امریزاں بی بی دختر عبدالجبار زوجہ شیر احمد فوت ہو چکی ہیں جن کے شرعی وارثان میں چمن زیب (پسر) خالدہ بی بی، زاہدہ بی بی (دختران) شامل ہیں ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث نہیں ہے جسے اعتراض ہو وہ متعلقہ پٹوار سے عرصہ سات یوم میں رجوع کرے بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا

منجانب، چمن زیب ولد شیر احمد سکنہ ڈاکخانہ جبڑی تحصیل و ضلع مانسہرہ

ضلعی عدلیہ ایبٹ آباد

آسامیاں خالی ہیں

ضلعی عدلیہ ایبٹ آباد میں زیر دستخط کو مندرجہ ذیل آسامیوں پر بھرتی کیلئے ایبٹ آباد کے مستقل سکونت پذیر اور میرٹ کے مطابق مطلوبہ تعلیمی و دیگر قابلیت رکھنے والے اہل و باصلاحیت امیدواران، مرد و خواتین سے درخواستیں طلب کی جاتی ہیں۔

سیریل نمبر	نام آسامی و بی پی ایس	عمر کی حد	تعداد آسامی	کوٹہ	تعلیمی و دیگر لازمی قابلیت
1	اسسٹنٹ (BPS-16)	18-30 سال	02	میرٹ	بیچلر ڈگری کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے
2	کمپیوٹر آپریٹر (BPS-16)	18-30 سال	03 01 01	میرٹ برائے معذور افراد برائے اقلیتی افراد	ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس / بی ایس آئی ٹی / بی ایس کمپیوٹر سائنس (M.Sc/BIT/BS) یا کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے مساوی تعلیمی قابلیت
3	جونیئر اسکیل اسٹینوگرافر (BPS-14)	18-30 سال	09 01	میرٹ برائے اقلیتی افراد	(i) کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیمی قابلیت اور (ii) شارٹ ہینڈ میں 50 الفاظ فی منٹ اور انگریزی ٹائپنگ میں 35 الفاظ فی منٹ کی رفتار۔ ایم ایس آفس (MS Office) کا علم رکھنے والے امیدواروں کو ترجیح دی جائیگی۔ (iii) جن اضلاع میں اردو عدالتی زبان ہے وہاں اردو ٹائپنگ میں 30 الفاظ فی منٹ کی رفتار بھی درکار ہوگی۔
4	جونیئر کلرک BPS-11)	18-30 سال	07 01 01	میرٹ برائے اقلیتی افراد برائے خواتین	(i) سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (SSC) یا کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے مساوی تعلیمی قابلیت اور (ii) ٹائپنگ کی رفتار 30 الفاظ فی منٹ

شرائط و ضوابط

(1) امیدواروں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر انہیں عارضی طور پر ای ٹی ای اے (ETEA) اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی، تاہم تمام تفصیلات کی مکمل جانچ پڑتال تقرری کے کسی بھی مرحلے پر متعلقہ اتھارٹی کی جانب سے کی جائیگی اور اگر کوئی امیدوار کسی بھی لحاظ سے نااہل پایا گیا تو اس کی امیدواری کالعدم قرار دے دی جائیگی۔
(2) تمام امیدواروں کیلئے لازم ہوگا کہ وہ کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینے سے قبل ای ٹی ای اے کی ویب سائٹ پر اپنا پروفائل بنائیں۔
(3) درخواست جمع کروانے / فیس ادا کرنے سے قبل ہر امیدوار ای ٹی ای اے کی ویب سائٹ سے ٹوکن پرنٹ کروائے گا اور اپنا شناختی کارڈ نمبر بھی نادرا ای سہولت (NADRA E-Sahulat) کیوسک سے تصدیق کروائے گا۔ اس تصدیق کے بغیر کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینا ممکن نہیں ہوگا۔
(4) ای ٹی ای اے ٹیسٹ میں کامیاب ہونیوالے امیدواروں کو بعد ازاں اہلیت کے مقررہ معیار کے مطابق مزید جانچ پڑتال کے عمل سے گزارا جائے گا۔
(5) مقررہ آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں کسی صورت بھی قبول نہیں کی جائیں گی۔
(6) نامکمل درخواستیں، یا جعلی دستاویزات / غلط معلومات پر مبنی درخواستیں، عمل کے کسی بھی مرحلے پر مسترد کر دی جائیں گی۔
(7) مذکورہ آسامیوں کیلئے عمر کی حد کا تعین ٹیسٹ / امتحان دینے والے سال کی پہلی تاریخ، یعنی یکم جنوری 2026ء (01-01-2026) کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائیگا تاہم عمر کی بالائی حد میں رعایت موجودہ قوانین کے مطابق دی جائیگی۔
(8) انٹرویو کے دن اصل اسناد کا پیش کرنا لازمی ہوگا۔
(9) سرکاری / نیم سرکاری اداروں میں ملازمت کرنیوالے امیدوار درخواست دیتے وقت متعلقہ محکمے سے این او سی (NOC) فراہم کریں گے اور ان کی حتمی تقرری متعلقہ اتھارٹی کی اجازت سے مشروط ہوگی۔
(10) مجاز اتھارٹی کو معقول وجہ کی بنیاد پر مذکورہ آسامیوں کی تعداد میں کسی بھی وقت کمی یا اضافہ کرنے کا مکمل حق حاصل ہوگا۔
(11) ٹیسٹ / انٹرویو کے سلسلے میں امیدواروں کو کسی بھی قسم کا سفری یا یومیہ الاؤنس (TA/DA) نہیں دیا جائیگا۔
(12) غیر ملکی ڈگری یا مساوی تعلیم کی صورت میں ایچ ای سی (HEC) سے ایکوی ویلنسی سرٹیفکیٹ (Equivalency Cretificate) فراہم کرنا لازمی ہوگا۔
(13) تقرری کے بعد تنخواہ اور دیگر مراعات محکمہ خزانہ (فنانس ڈویژن) کے مروجہ قوانین کے مطابق ادا کی جائینگی۔
(14) مشتہرہ آسامیوں پر بھرتی کا مکمل عمل اعلیٰ عدلیہ کی جانب سے جاری کردہ متعلقہ شرائط و ضوابط کے مطابق مکمل کیا جائیگا۔

درخواست دینے کا طریقہ کار

(1) دلچسپی رکھنے والے تمام امیدوار سب سے پہلے ای ٹی ای اے کی ویب سائٹ www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست جمع کروائیں۔
(2) آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک مخصوص ڈیپازٹ سلپ جاری کی جائیگی، جس میں ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہونگی۔
(3) اس ڈیپازٹ سلپ کے ذریعے مقررہ (ناقابل واپسی) ٹیسٹ فیس ایزی پیسہ (Easy Paisa) ایپ یا یو بی ایل (UBL) بینک / ایجنٹ کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائی جائے۔
(4) فیس جمع کروانے کے بعد بینک سے موصولہ مہر شدہ ڈیپازٹ سلپ (امیدوار کاپی) اپنے پاس حفاظت سے محفوظ رکھیں اور کسی کو بھی نہ بھیجیں۔
(5) آن لائن درخواست دینے کے بعد ابتدائی طور پر مطلوبہ دستاویزات ای ٹی ای اے کے دفتر طلب کر سکتا ہے تاہم اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونیوالے امیدواران سے مطلوبہ دستاویزات ضرورت کے وقت طلب کی جائیں گی۔
(6) آن لائن درخواست فارم www.etea.edu.pk پر 10/09/2026 سے دستیاب ہوگا۔
(7) آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 10/10/2026 ہے۔
(8) کامیابی سے درخواست جمع کروانے والے امیدواروں کو ای ٹی ای اے کی جانب سے ایس ایم ایس کے ذریعے اطلاع دی جائیگی، جس کے بعد وہ www.etea.edu.pk سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر لیں۔
(9) امیدواروں کو ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام سے متعلق ہدایات رول نمبر سلپ پر درج ہوں گی، لہٰذا اندراج کے وقت درست اور رابطہ میں رہنے والا موبائل نمبر ہی فراہم کریں۔
(10) اسکریننگ ٹیسٹ کیلئے کوئی علیحدہ کال لیٹر ڈاک یا کوریئر کے ذریعے جاری نہیں کیا جائے۔

ضلع و سیشن جج، ایبٹ آباد

INF(AD)139

TENDER NOTICE INVITING EPADS
(SINGLE STAGE TWO ENVELOP)

Sealed tenders based on MRS-2025 (1st Bi Annual) / Non MRS-items for the below mentioned works are hereby invited on the basis of Single Stage Two Envelope Procedure through EPADS from the government contractors registered with PEC, Local Council Board, enlisted with C&W Departments as per Centralized Enlistment Policy of the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the current financial year.

S.#	Nomenclature of Schemes	E/Cost in (M)	2% Earnest Money in (M)	Date Of Technical Opening Bid	Date of Financial Opening Bid
	PKG-1				
1.	Const of R/Walls for graveyards in UC Ghazi	5.00		24-09-2026	01-10-2026
2.	Provision of Dust bins (large size) and Const /improvement of sports Halls/ Janazagahs/Community Jirga Halls in UC Ghazi	25.00			
	Total	**30.00**	2%		
	PKG-2				
1.	Const of roads/ streets in UC Khairbara	25.00		-do-	-do-
2.	Const of community/ Jirga hall in VC Qazipur	5.00			
	Total	**30.00**	2%		
	PKG-3				
1.	Const of internal roads/ streets in VC Ghazi. Barwasa, Phai, & Sobra & Khalo.	50.00		-do-	-do-
	Total	**50.00**	2%		
	PKG-4				
1.	Const of internal roads/ streets in UC Khairbara	18.00		-do-	-do-
2.	Const of Dispensary Building & Rehab: of Jirga Hall in UC Khairbara	8.00			
	Total	**26.00**	2%		
	PKG-5				
1.	WSS/Imp/Rehub:/Ext of water Tank/ Water bore, and open Well in UC Khairbara	15.00		-do-	-do-
2.	Const of roads in Tamrai UC Kotera	15.00			
	Total	**30.00**	2%		
	PKG-6				
1.	Const of roads/ streets in VC Piplala Hamlet and VC Ghara Hamlet UC Ghazi	20.00		-do-	-do-
	Total	**20.00**	2%		
	PKG-7				
1.	Const of Internal roads streets in all VCs of Kotera	75.00		-do-	-do-
	Total	**75.00**	2%		
	PKG-8				
1.	Const of roads/ streets in U/C Kundi	40.00		-do-	-do-
	Total	**40.00**	2%		
	PKG-9				
1.	Water supply scheme / water bore rehabilitation in UC Kundi	15.00		-do-	-do-
2.	Const rehabilitation of community centers and Janaza gahs in UC Kundi	13.00			
	Total	**28.00**	2%		
	PKG-10				
1.	Dustbin (Large Size)/improvement of sports grounds in UC Kundi	7.00		-do-	-do-
2.	Const of Janazahgahs in UC Qazipur	8.00			
3.	Extn: of water supply lines & water bores in UC Qazipur	13.00			
	Total	**28.00**	2%		
	PKG-11				
1.	Purchase of Land for Graveyard for Umerkhana in UC Kundi	5.00		-do-	-do-
	Total	**5.00**	2%		
	PKG-12				
1.	Const of Internal roads/ streets and R/ walls in UC Qazipur	50.00		-do-	-do-
	Total	**50.00**	2%		
	PKG-13				
1.	Const of PCC road in VC Bail Garhan	20.00		-do-	-do-
2.	Rehab: impr of masajid in Tehsil Ghazi	10.00			
	Total	**30.00**	2%		
	PKG-14				
1.	Const of Jinazagah/ Kacha Road in UC Kharbara	5.00		-do-	-do-
2.	Const of internal roads / streets in U/C Sirikot	25.00			
	Total	**30.00**	2%		

TERMS AND CONDITIONS

1. Bid Solicitation Bidding Documents can be downloaded from the EPADS website i.c. (**www.eprocure.gov.pk**) and KP-PPRA website (**www.kppra.gov.pk**).
2. The eligible contractors/firms are required to submit their Bids through EPADS as well as also send their bid in hard and sealed envelopes i.e. one envelope containing "Technical Proposals" and clearly marked as "Technical Bid" accompanied, while the second envelope containing financial proposals clearly marked as "Financial Proposal". Both Technical and Financial proposals/bids will be placed in a single sealed envelope and addressed and sent to the Office of TMA Ghazi.
3. The last date and time of submission of electronic tender form is **24th September, 2026 at 11:00 AM.** The date and time of Opening of Financial Bid shall be 01 October, 2026 after evaluation of technical bids.
4. Technical proposal must be numbered and a table of contents inserted at beginning of the proposal showing the contents of the proposal according to the numbered pages.
5. Cutting/overwriting in the bid solicitation documents will not be acceptable. Any mismatching among the scanned copies submitted through EPADS and that submitted in hard will leads into disqualification und the same contractor will be considered as non-responsive.
6. The "Technical Proposals / Bids" of the firms / contractors will be evaluated based on criteria mention in the bidding Documents. (Bidding documents/ satisfactory certificate may be obtained from this office without obtaining bidding documents/satisfactory certificate the contractor bids will not be entertained/ accepted).
7. The "Financial Bids / Proposals" of only technically responsive qualified bidders will be opened after evaluation of Technical Bids in the presence of bidders / their representative (who may like to attend) whereas the "Financial Bids" of technically non responsive bidders shall be returned unopened to the respective contractors.
8. The security/ cost of tender form shall be in shape of call deposit in favor of the TMO Ghazi.
9. Matters related to Bid Security and Additional Security shall be dealt in accordance with KPPRA Notification No. S.R.O.(29)/Vol-1-40/2025-26 dated 29th October, 2025 and matters pertaining to additional Security shall be in accordance with Notification No.S.R.O.(14)/Vol-1-24/2021-22 dated 10th May, 2022.
10. (Similarly, a contractor quoting bid more than 20% below shall submit with his bid an additional security on Engineer's Estimated cost equal to the differential amount of submitted bid and Engineers Estimate along with detailed rate analysis)'. In case of more than 20% below bids, if the bid is not accompanied by the detailed rate analysis and/or required amount of additional security, then the said bid shall be considered as non-responsive. All the securities submitted along with such non-responsive bid shall be forfeited in favour of government and the 2nd lowest bidder and so on will be considered accordingly.
11. In case of tie / draw amongst the responsive bidders, the bid may be decided through free toss.
12. Bids will remain valid for 90 days from the closing date of bids.
13. The firms/contractors who want to participate in tendering process may register themselves with the EPADS for gaining their unique username and password.

Tehsil Officer (I&S) TMA Ghazi

Tehsil Municipal Officer TMA Ghazi

ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION

INF(P) 4579/26

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور

عنوان، شہناز بی بی بنام عوام الناس، 9.9.26

شہناز بی بی بیوہ محمود خان ساکنہ بگڑہ رتہ ضلع ہری پور

نوٹس بنام، عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 9.9.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم / مہر عدالت

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور

عنوان، مسماۃ بنیا عنایت بنام عوام الناس 10.9.26

مسماۃ بنیا عنایت زوجہ عنایت الرحمٰن، عنایت الرحمٰن ولد صفدر زمان ساکنہ مکان نمبر 151 محلہ پھلدار سیکٹر نمبر چار ضلع ہری پور

نوٹس بنام۔۔۔ عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 10.9.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم / مہر عدالت

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور

عنوان۔۔۔ مسماۃ بشریٰ بی بی بنام عوام الناس 25.9.26

مسماۃ بشریٰ بی بی دختر محمد اقبال ساکنہ گڑھی سیریاں ڈاکخانہ بگڑہ ضلع ہری پور

درخواست گارڈین۔۔۔ مسماۃ خدیجہ نابالغہ دختر محمد نیاز

نوٹس بنام۔۔۔ عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 25.9.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط حاکم / مہر عدالت

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور

عنوان۔۔۔ عبدالمالک بنام عوام الناس 22.9.26

عبدالمالک ولد سید محمد درہ خانپور ضلع ہری پور

درخواست گارڈین۔۔۔ ایمان بی بی نابالغہ ولد وقار احمد

نوٹس بنام۔۔۔ عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہٰذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 22.9.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم / مہر عدالت

بقیہ 1

اے حویلیاں سید شبیر حسین شاہ تفصیلات کے مطابق ٹی ایم اے حویلیاں کے ریٹائرڈ ملازمین نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 3 ماہ سے ہمیں پنشن نہیں دی جا رہی جب بھی رابطہ کیا جاتا ہے تو ہر مرتبہ اگلے ماہ کا کہہ کر ٹرخایا جا رہا ہے ہماری پنشن نہیں دی جاتی اور اپنی بھاری بھرم تنخواہیں لے رہے ہیں انھوں نے کہا ہم نے اپنی آدھی زندگی اس محکمہ کو دی ہے اور اب ہمیں ستایا جا رہا ہے صوبائی حکومت کے اعلیٰ حکام ہماری اس پریشانی کو حل کرنے میں ہماری مدد کرے

بقیہ 2

کے لئے سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکلا پر مشتمل 8 رکنی کمیٹی آج سیشن کورٹ میں 22-A کی تین درخواستیں دائر کریگی ان میں ایک سیشن کورٹ ملازمین پر اسسٹنٹ کمشنر اور اس کے آئے افراد کی طرف سے تشدد کرنے دوسری فلٹریشن پلانٹ کو توڑنے اور تیسری احتجاج کے دوران محکمہ مال کے ملازمین کے پتھرا سے زخمی ہونیوالے وکلا کی ہوگی۔ گزشتہ روز وکلا کی جنرل باڈی نے سیشن جج کے چیمبر میں ہونیوالے جرگہ جس میں سیشن جج کمشنر ہزارہ ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خیبر پختونخواہ بار کونسل کے ہزارہ کے چاروں ممبران ہائی کورٹ بار کے صدر اور جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار کے صدر اور جنرل سیکرٹری سمیت ہری پور اور مانسہرہ کے صدر شامل تھے اسسٹنٹ کمشنر سمیت واقعہ کی انکوائری بنانے اور رپورٹ تک اسسٹنٹ کمشنر کو کام سے روکنے کی تجویز تھی لیکن وکلا کی جنرل باڈی نے اسے مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کے تبادلے کو ختمی قرار دیا جس پر وکلا اور انتظامیہ کا ڈیڈ لاک ختم نہ ہو سکا جبکہ دوسری طرف ڈپٹی کمشنر کی عمرہ سے واپسی پر محکمہ مال کے ملازمین سے ملاقات اور خطاب کے بعد محکمہ مال کے ملازمین نے ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے سرکاری امور شروع کر دیئے۔

بقیہ 3

بلکہ یہ ہم سب کی اجتماعی اور قومی ذمہ داری ہے۔ ایمانداری، دیانت، احتساب اور شفافیت ہی ایک ترقی یافتہ اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ایبٹ آباد اور ڈسٹرکٹ یوتھ آفس کے زیر اہتمام انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلال بابا آڈیٹوریم ایبٹ آباد میں منعقدہ سیمینار میں ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) گوہر علی، ڈائریکٹر نیب خیبر پختونخوا خطاب گل آفریدی، ڈسٹرکٹ خطیب ایبٹ آباد، لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ کمشنر ہزارہ ڈویژن نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمیں کرپشن کے خاتمے کے لیے اپنے روزمرہ معمولات کا بھی جائزہ لینا ہوگا۔ بعض اوقات معمولی نوعیت کی بے ضابطگیوں کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، حالانکہ یہی رویے آگے چل کر بڑے مسائل کو جنم دیتے ہیں۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی معلم صحیح طور پر تعلیم و تربیت نہیں کر رہا یا کوئی ڈرائیور مقررہ کرائے سے زائد وصول کر رہا ہے تو ایسی بے ضابطگیوں کی بھی نشاندہی اور حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کو روکنا صرف احتسابی اداروں کا کام نہیں بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ عوام کے تعاون کے بغیر شفاف احتساب ممکن نہیں، اس لیے حکومت، اداروں اور عوام کو مل کر بدعنوانی کے خلاف مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ شاہد اللہ خان نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ ایمانداری، دیانت داری اور ذمہ داری کو اپنی زندگی کا اصول بنائیں۔ ڈائریکٹر نیب خیبر پختونخوا خطاب گل آفریدی نے کہا کہ کرپشن صرف پاکستان تک محدود مسئلہ نہیں بلکہ دنیا بھر میں اس کے خاتمے کے لیے مختلف قوانین اور ادارے قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا وژن کرپشن فری پاکستان ہے، جس کے لیے احتساب کے ذریعے کرپشن کے خاتمے اور شفافیت کے فروغ پر کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں انسداد بدعنوانی کے حوالے سے آگاہی پروگرامز منعقد کیے جا رہے ہیں جبکہ نوجوانوں کی کردار سازی کے لیے کریکٹر بلڈنگ سوسائٹیز بھی قائم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کو پانچ لاکھ سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں جن پر ضابطے کے مطابق مکمل جانچ پڑتال کے بعد کارروائی کی جاتی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور بدعنوانی کے خلاف آواز بلند کریں۔ سیمینار سے خطاب کرتے ڈسٹرکٹ خطیب ایبٹ آباد نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں کرپشن کے نقصانات اور اس کے دنیاوی و اخروی نتائج سے شرکا کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات نے بھی کرپشن کے خلاف تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے اور بدعنوانی کے خاتمے کے عزم کا اظہار کیا۔ سیمینار کے اختتام پر انسدادِ بدعنوانی کے حوالے سے آگاہی واک بھی منعقد کی گئی، جس میں شرکا نے کرپشن کے خلاف شعور اجاگر کرنے اور شفاف، دیانتدار اور کرپشن سے پاک معاشرے کے قیام کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 4

پر روزانہ تقریبا 12 کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں، جس کے باعث عدالتوں کے ایک روزہ بائیکاٹ یا کام کی بندش سے عوام کے ٹیکس کے کروڑوں روپے ضائع ہو جاتے ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ عوام کے ٹیکس سے چلنے والے عدالتی نظام کا بلاتعطل فعال رہنا انتہائی ضروری ہے، کیونکہ عدالتوں کی بندش نہ صرف زیر التوا مقدمات میں اضافے کا باعث بنتی ہے بلکہ قومی وسائل کے ضیاع کا بھی سبب بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں، جن میں ہزارہ ڈویژن بھی شامل ہے، عوام کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے عدالتوں کا مسلسل اور مؤثر انداز میں کام کرنا ضروری ہے۔ چیف جسٹس کے مطابق صوبے بھر کی عدالتوں پر یومیہ تقریبا 12 کروڑ روپے خرچ ہونا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عدالتی نظام کی ایک روزہ تعطیل یا بائیکاٹ بھی قومی خزانے پر بھاری بوجھ بن سکتا ہے۔

بقیہ 5

جماعتوں کو صوبہ ہزارہ کے قیام کے لئے ساتھ ملائے گی صوبہ ہزارہ تحریک اور تحریک صوبہ ہزارہ نے صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے مل کر مشترکہ جدوجہد کر ہی منزل پہ پہنچ سکتے ہیں ہم وفاقی وزیر و چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف کی قیادت میں چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ سردار گوہر زمان اور انکی دیگر کابینہ سے ملاقات کر چکے ہیں صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے بابا حیدر زمان مرحوم کی جدوجہد قابل تحسین ہے۔ مرتضی جاوید عباسی نے کہا کہ صوبہ ہزارہ وقت کی ضرورت اور ہزارہ کے عوام کی آواز ہے، جس پر پورا ہزارہ متفق ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کا مطالبہ کسی فرد، جماعت یا گروہ کا نہیں بلکہ ہزارہ کے عوام کی دیرینہ خواہش ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے تمام سیاسی و سماجی قوتوں کو متحد ہو کر مشترکہ جدوجہد کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے ماضی میں بھی بھرپور جدوجہد کی گئی اور بابا حیدر زمان مرحوم نے اس تحریک کو مضبوط بنانے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کی جدوجہد کو آگے بڑھاتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوں۔ رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے مشترکہ جدوجہد کو مزید منظم اور مؤثر بنایا جائے گا اور اس سلسلے میں عوامی رابطہ مہم

سمیت آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان باہمی مشاورت سے کیا جائے گا

بقیہ 6

طول پکڑنے کی صورت میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو طلب کرنا پڑ سکتا ہے۔ الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت کو قانون سازی کے لیے مزید تین ہفتے کی مہلت دیتے ہوئے کیس کی سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کردی۔ الیکشن کمیشن میں خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کی سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی کمیشن نے کی۔ سماعت کے دوران اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبے کے سات اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل تعطل کا شکار ہے، جبکہ صوبائی حکومت پورے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات ایک ساتھ کرانے کی خواہاں ہے۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے کمیشن کو بتایا کہ صوبائی کابینہ کی کمیٹی بلدیاتی قانون میں ترامیم پر غور کر رہی ہے۔ حکام کے مطابق کابینہ کمیٹی کا اجلاس 31 اگست کو ہوا تھا، جس میں دیگر صوبوں کے بلدیاتی نظام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی گئی، تاہم قانون میں ترمیم کے حوالے سے تاحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ سماعت کے دوران ممبر بلوچستان نے خیبر پختونخوا حکومت کے طرزِ عمل کو تاخیری حربہ قرار دیتے ہوئے ریمارکس دیے کہ ایسا نہ ہو کہ الیکشن کمیشن کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو طلب کرنا پڑے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے واضح کیا کہ بلدیاتی انتخابات بہرحال کرانا ہوں گے اور کمیشن کے پاس اس حوالے سے متعدد آئینی راستے موجود ہیں۔ ممبر خیبر پختونخوا نے کہا کہ اگر بلدیاتی قانون میں تبدیلی کی جاتی ہے تو تمام حلقہ بندیوں کا عمل دوبارہ کرنا پڑے گا۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبائی حکومت فیصلہ کرے تو الیکشن کمیشن پورے صوبے میں ایک ساتھ بلدیاتی انتخابات کرانے کے لیے کارروائی آگے بڑھا سکتا ہے۔

بقیہ 7

چار رکنی کمیشن نے کی۔ اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبے کے 7 اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل تعطل کا شکار ہے، صوبائی حکومت خیبر پختونخوا بھر میں بلدیاتی انتخابات ایک ساتھ کرانا چاہتی ہے، گزشتہ سماعت پر چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے قانون سازی کیلئے 3 ہفتے کا وقت مانگا تھا۔ حکام کے مطابق صوبائی کابینہ کمیٹی کا اجلاس 31 اگست کو ہوا جس میں صوبائی حکومت نے دیگر صوبوں میں بلدیاتی نظام کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت کی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ نے بتایا کہ صوبائی کابینہ کی کمیٹی قانون میں ترامیم پر غور کر رہی ہے۔ ممبر بلوچستان نے ریمارکس دیئے کہ خیبر پختونخوا حکومت تاخیری حربے استعمال کر رہی ہے ایسا نہ ہو کہ کمیشن کو وزیر اعلیٰ کو طلب کرنا پڑے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات تو کروانے پڑیں گے کمیشن کے پاس بہت سے آئینی راستے موجود ہیں ممبر خیبر پختونخواہ نے کہا کہ قانون میں تبدیلی کے بعد تمام حلقہ بندیاں دوبارہ کرنا پڑیں گی۔ اسپیشل سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت فیصلہ کرے تو الیکشن کمیشن پورے صوبے میں ایک ساتھ انتخابات کروا دے گا۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخواہ حکومت کو قانون سازی کیلئے مزید 3 ہفتے کا وقت دے دیا اور خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات کیس کی مزید سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 8

کی مہلت دے دی الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے معاملے پر صوبائی حکومت کو قانون سازی کے لیے مزید 3 ہفتے کا وقت دے دیا، کیس کی مزید سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔ خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات کیس کی سماعت الیکشن کمیشن میں ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی کمیشن نے کی۔ سماعت کے دوران اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبے کے 7 اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل تعطل کا شکار ہے۔ صوبائی حکومت خیبر پختونخوا بھر میں بلدیاتی انتخابات ایک ساتھ کرانا چاہتی ہے، جبکہ گزشتہ سماعت پر چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے قانون سازی کے لیے 3 ہفتے کا وقت مانگا تھا۔ حکام کے مطابق صوبائی کابینہ کمیٹی کا اجلاس 31 اگست کو ہوا، جس میں حکومت نے دیگر صوبوں کے بلدیاتی نظام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے کمیشن کو بتایا کہ صوبائی کابینہ کی کمیٹی بلدیاتی قانون میں ترامیم پر غور کر رہی ہے۔ اس موقع پر ممبر بلوچستان نے ریمارکس دیے کہ خیبر پختونخوا حکومت تاخیری حربے استعمال کر رہی ہے، ایسا نہ ہو کہ کمیشن کو وزیراعلیٰ کو طلب کرنا پڑے۔ ممبر سندھ نثار درانی نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات تو کروانے پڑیں گے اور کمیشن کے پاس اس حوالے سے بہت سے آئینی راستے موجود ہیں۔ ممبر خیبر پختونخوا نے مؤقف اختیار کیا کہ قانون میں تبدیلی کے بعد تمام حلقہ بندیوں کا عمل دوبارہ کرنا پڑے گا۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بتایا کہ صوبائی حکومت فیصلہ کرے تو الیکشن کمیشن پورے صوبے میں ایک ساتھ بلدیاتی انتخابات کرا سکتا ہے۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا حکومت کو قانون سازی کے لیے مزید 3 ہفتے کی مہلت دے دی اور کیس کی مزید سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 9

پارٹی کے دیرینہ، مخلص اور نظریاتی کارکن شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ کارکنوں کے ایک حلقے نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ اختلافات کو فوری طور پر ختم نہ کیا گیا تو اس کے اثرات 27 ستمبر کے احتجاجی پروگرام پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ پارٹی کے لیے قربانیاں دینے، مشکلات برداشت کرنے اور جیلوں کا سامنا کرنے والے درجنوں سنجیدہ کارکنوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مانسہرہ میں پاکستان تحریک انصاف کو اس وقت گروپ بندی اور شخصی اختلافات سے شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی کی اصل طاقت اس کے نظریاتی اور مخلص کارکن ہیں، مگر اندرونی اختلافات کے باعث کارکنوں میں بے چینی اور مایوسی پیدا ہو رہی ہے۔ کارکنوں نے کہا کہ گروپ بندی کرنے والوں کو شاید اس کے فوری نقصانات نظر نہ آ رہے ہوں، لیکن آنے والے دنوں میں سیاسی مخالفین اس صورتحال سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جس کے بعد پارٹی کے ذمہ داران کے پاس افسوس کے سوا کچھ نہیں بچے گا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ مانسہرہ میں پارٹی کے اندر تقسیم اور گروپ بندی کی صورتحال پیدا کیوں ہوئی، اسے ختم کرنے کی ذمہ داری کون ادا کرے گا اور کب تک مخلص کارکن اسی کشمکش کا شکار رہیں گے؟ کارکنوں کا کہنا تھا کہ اب بھی وقت ہے، ہوش کے ناخن لیے جائیں۔ پارٹی کے سینئر رہنما آگے بڑھیں، تمام گروپوں اور دھڑوں کو ایک میز پر بٹھائیں، باہمی اختلافات ختم کرائیں اور کارکنوں کو متحد کریں۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کے احتجاج سمیت پارٹی کی تمام سیاسی سرگرمیوں کی کامیابی کے لیے اندرونی اتحاد ناگزیر ہے۔ اگر کارکن ایک صف میں کھڑے ہوں گے تو پارٹی مضبوط ہوگی، جبکہ اختلافات اور گروپ بندی سے نہ صرف کارکنوں کا حوصلہ متاثر ہوگا بلکہ مخالفین کو بھی سیاسی فائدہ پہنچنے کا خدشہ ہے۔ کارکنوں نے پارٹی کی مرکزی و صوبائی قیادت سمیت مانسہرہ کے سینئر رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ ذاتی اختلافات اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر پارٹی کے وسیع تر مفاد میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ابھی بھی وقت ہے کہ دلوں کی دوریاں ختم، شکوے شکایات دور اور کارکنوں کو دوبارہ ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا جائے، کیونکہ پارٹی کی مضبوطی کسی ایک گروپ کی نہیں بلکہ تمام مخلص کارکنوں کے اتحاد کی کامیابی ہے۔

بقیہ 10

سے ابھی تک کمپیوٹرائزڈ نہیں ہو سکے سابق پٹواری سرکل پھلڑہ ضیاء الرحمن محافظ خانہ نے کمپیوٹر آپریٹر ایس ڈی سی مانسہرہ کامران خان، حماد خان کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند موضع جات کے ریکارڈ درستگی کے بعد سرکل پھلڑہ کی کمپیوٹرائزیشن مکمل ہو جائے گی اور سرکل بھر کے لوگوں کو نقولات وغیرہ کے لئے ایس ڈی سی مانسہرہ سے رجوع کرنا پڑے گا محکمہ مال کا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہونے سے عوام کو جہاں فوائد حاصل ہوں گے وہاں پر وقت کی بھی بچت ہوگی بندوبست 15 - 14 کی پرت سکین ہونے سے آٹھ نو سالوں میں انتقالات ہوئے اور بعض کے عمل ابھی تک باقی ہیں جس کی درستگی کے لئے موضع پھلڑہ کی کمپیوٹرائزیشن میں تاخیر ہو رہی ہے جلد ہی موضع بھی کمپیوٹرائزڈ ہو جائے گا

بقیہ 11

اور گردونواح کے عوامی مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے اپنے ابتدائی دور میں کئی مقامی مسائل پر آواز اٹھائی اور کچھ حد تک حل بھی کروائے۔ تاہم گزشتہ کئی ماہ سے کمیٹی اور اس کے ذمہ داران نے نامعلوم وجوہات کی بنا پر کوئی سرگرمی نہیں دکھائی۔ نہ کوئی اجلاس، نہ پریس کانفرنس اور نہ ہی متعلقہ اداروں سے رابطہ اس خاموشی کا سب سے زیادہ نقصان بجلی کے شعبے کو ہوا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شنکیاری میں بے تحاشا لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ کم وولٹیج کا شدید مسئلہ درپیش ہے۔ شام ہوتے ہی وولٹیج 140 سے نیچے گر جاتی ہے۔ جس سے گھریلو آلات جل رہے ہیں اور کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ عوامی حلقوں کا الزام ہے کہ دوسرے علاقوں کے تقریبا 20 ٹرانسفارمر شنکیاری کے فیڈرز کے ساتھ منسلک کر دیے گئے ہیں۔ جس کے باعث پہلے سے کم لوڈ والے علاقے پر اضافی بوجھ پڑ گیا اور نظام مزید بیٹھ گیا۔ ایک مقامی دکاندار نے کہا: "دن میں 12 سے 14 گھنٹے بجلی نہیں ہوتی۔ جو آتی ہے وہ اتنی کمزور ہے کہ پنکھا تک نہیں چلتا۔ واپڈا والے سنتے ہی نہیں اور کمیٹی والے بولتے ہی نہیں۔ درجنوں عوامی و سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ شنکیاری ایک بڑا تجارتی اور تعلیمی مرکز ہے لیکن بنیادی سہولیات کے فقدان کے باعث لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ "جب ایکشن کمیٹی خود خاموش ہو جائے تو شنکیاری کے مسائل کون حل کرے گا؟" بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ: 1. ایکشن کمیٹی فوری بحال ہو کر اپنا کردار ادا کرے اور عوام کو اعتماد میں لے۔ 2. اضافی منسلک ٹرانسفارمرز کو فوری طور پر ان کے اصل علاقوں میں منتقل کیا جائے۔ 3. شنکیاری کے لیے نیا گرڈ اسٹیشن اور اضافی فیڈرز کا اعلان کیا جائے۔ 4. ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندے لوڈشیڈنگ کے شیڈول کو شہری ضروریات کے مطابق مرتب کریں۔ سماجی کارکنوں کا کہنا ہے کہ اگر ایکشن کمیٹی نے فوری طور پر متحرک ہو کر احتجاج اور مذاکرات کا راستہ اختیار نہ کیا تو عوام خود سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہوں گے۔ ضلعی انتظامیہ اور واپڈا حکام سے اس حوالے سے موقف لینے کی کوشش کی گئی لیکن تاحال کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

بقیہ 12

پنڈال تیار کرلیا گیا ہے اجتماع 9،10 اور 11 تاریخ تک جاری رہے گا روزانہ جید علما کرام دن میں تین بیان کرینگے جبکہ جمعہ کی صبح اجتماعی دعا کے بعد اجتماع اختتام پذیر ہوگا اس ضمن میں پنڈال کے منتظمین کا کہنا ہے کہ پانی، بجلی، ساؤنڈ سسٹم، بیت الخلا سمیت گاڑیوں کی پارکنگ اور دیگر ضروری انتظامات بہتر طور پر مکمل کئے گئے ہیں دریں اثنا ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کے احکامات کی روشنی میں ٹریفک پولیس مانسہرہ کی جانب سے نوکوٹ اور صابر شاہ کے مقام پر منعقد ہونے والے تین روزہ اجتماع کے لیے خصوصی ٹریفک پلان تیار کیا گیا ہے۔ تمام شرکا اور مختلف علاقوں سے آنے والی جماعتوں سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ ٹریفک پلان میں مختص کی گئی پارکنگ ایریاز کو غور سے ملاحظہ کریں اور اپنی گاڑیاں صرف اپنی مقررہ پارکنگ میں کھڑی کریں۔ چھوٹی سڑکوں اور روٹس پر گاڑیاں کھڑی کرنے سے مکمل اجتناب کیا جائے تاکہ اجتماع میں آنے والے مسافروں کو ٹریفک کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے لگائے گئے بیریئرز سے آگے گاڑی لے جانا منع ہوگا۔ مقررہ پارکنگ کے علاوہ کسی بھی جگہ گاڑی پارک کرنا ممنوع ہوگا۔ ٹریفک پولیس کے اہلکاروں کی ہدایات پر عمل اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں بھرپور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔ مانسہرہ کی طرف سے آنے والی ٹریفک بھیرکنڈ روڈ سے تر ہاکہ راستے نوکوٹ روڈ میں داخل ہوں اور نوکوٹ سائیڈ کی مقررہ پارکنگ استعمال کریں اوگی، خواجگان، تناول اور دربند کی طرف سے آنے والی ٹریفک خواجگان چوک کے راستے آئیں اور خواجگان والی مقررہ پارکنگ استعمال کریں۔ بٹگرام، گلگت کی طرف سے آنے والی گاڑیاں بجنہ انٹرچینج استعمال کرتے ہوئے خواجگان روڈ کی جانب جائیں اور مقررہ پارکنگ میں گاڑیاں کھڑی کریں۔ تمام شرکا اپنی مختص پارکنگ کو ٹریفک پلان/چارٹ پر غور سے دیکھیں اور اسی کے مطابق گاڑیاں پارک کریں۔

بقیہ 13

کی سلامتی، امن و استحکام، خوشحالی اور امت مسلمہ کی سربلندی کے لیے جب ہزاروں ہاتھ بارگاہِ الٰہی میں بلند ہوئے تو شرکا کی آنکھیں اشکبار اور دل دعا میں مشغول رہے۔ ڈی پی او بٹگرام قمر حیات خان (PSP) نے بھی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی اور علما کرام و اجتماع کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے اجتماع کے روحانی ماحول اور بہترین انتظامات کو سراہا اور ملک و ملت کی سلامتی، امن و استحکام اور امت مسلمہ کی سربلندی کے لیے کی جانے والی خصوصی دعا میں شرکت کی۔ اس موقع پر علما کرام نے اجتماع کے دوران سیکیورٹی و انتظامات کے حوالے سے بٹگرام پولیس کے اقدامات کو سراہا اور پولیس افسران و جوانوں کی ذمہ دارانہ خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 14

کے لئے جو بنائے گئے ہیں وہ مستقل طور پر انڈسٹریز قوانین کو انڈسٹریل سٹیٹ میں تو اتر سے اپلیمنٹ کر رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے جب سے یہ ڈی سی اور اسسٹنٹ کمشنر خان پورے آئے ہیں انہوں نے پہلے تمام اداروں کے افسروں کو سوشل میڈیا کے ذریعے بدنام کیا اور بعد میں انڈسٹریز کو ہراساں کرنے کے لئے سوشل میڈیا کی ٹیمیں ساتھ لے کر انڈسٹریز پر چڑھائی کردی جس پر ہم نے باقاعدہ وفد کے ذریعے ڈی سی کے پاس گئے کہ سوشل میڈیا کے ذریعے ہراسمنٹ نہ کریں اور تمام اداروں کو اپنا کام کرنے دیں تاکہ انڈسٹریز کا پہیہ چلتا رہے اس سلسلے میں ہم کمشنر کے پاس بھی وفد لے گئے لیکن وہ بھی کارآمد ثابت نہ ہوسکا لہذا ریکوسٹ کی جاتی ہے کمیٹی کو فی الفور ختم کیا جائے تمام صوبائی و وفاقی اداروں کی سوشل میڈیا کے ذریعے بلیک میلنگ ختم کی جائے اور ان کو اپنا کام کرنے دیا جائے اگر ایسا نہ کیا گیا تو اس کی تمام تر ذمہ داری آگے جو ہو گا اس کا ذمہ داری ڈسی اور اسسٹنٹ کمشنر خان ہوں گے اگر کمیٹی و ہراسمنٹ کو ختم نہ کیا گیا تو انڈسٹریز بمعہ لیبر سٹرائیک پر جائے گی، موجودہ حالات میں انڈسٹری چلانا ایک جہاد سے کم نہیں ہے نہ وفاقی نہ صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی سہولتیں ہیں نہ ایکسپورٹ ہے نہ امپورٹ ہے نہ انرجی ہے، پٹرول وڈیزل کی قیمتیں آسمان تک پہنچ چکی ہیں وفاقی و صوبائی ٹیکسز بے انتہا ڈالے گئے ہیں لیگل کام کرنے جائے تو لفافے دینے کے بغیر کوئی کام نہیں

ہوتا پچاس فیصد درج بالا مسائل کی وجہ سے بند ہو چکی ہیں اور باقی انڈسٹریز ایک شفٹ کی پروڈکشن پر آ گئی ہیں اگر یہی حال رہا تو باقی ماندہ انڈسٹری بھی بند ہو جائے گی اور بیروزگاری میں مزید اضافہ ہوگا جس سے لا اینڈ آرڈر کے مسائل پیدا ہوں گے جس کی تمام ذمہ داری ڈی سی اور اس کی ٹیم پر ہوگی۔ حطار انڈسٹریل کے صنعت کاروں نے ہمیشہ آئین کی پاسداری کی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ فلاحی کاموں کے علاوہ اربوں روپے وفاقی و صوبائی حکومت کو ادا کرتے ہیں لیبر کی فلاح کے لئے سوشل سیکورٹی ڈیپارٹمنٹ کو ماہانہ کم سے کم پانچ کروڑ روپے کی کنٹریبوشن جمع کراتے ہیں انڈسٹری اپنے ملازمین کی ویلفیئر کے لئے آئندہ بھی کام کرتی رہے گی اسی طرح کی کمیٹی کا مقصد لیبر وانڈسٹری کی فلاح و بہبود کے مفاد کے لئے قطعاً نہیں ہے۔ اس امر کا اظہار ممبران حطار انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے کیا گیا۔

بقیہ 15

پیراں بفہ دورابا کے رہائشی صحبت خان نامی شخص نے پولیس کو رپورٹ درج کرا کے کہ سائل ٹیکسی ڈرائیور ہے اور مورخہ 27/08/2026 کو بفہ دورابا چوک میں سواری کے انتظار میں کھڑا تھا کہ 3 نامعلوم اشخاص آئے اور مجھے بکریال سٹی کی بکنگ کے لیے جانے کو کہا جو ہم بکریال سٹی کی طرف روانہ ہوئے تو راستے میں پیچھے بیٹھے اشخاص نے پستول نکال لیا اور سائل سے موبائل فون اور 6500 روپے چھین لیے۔ مدعی کی رپورٹ پر تھانہ شنکیاری میں مقدمہ درج کر کے ڈکیتی میں ملوث منیب ولد عاشق اور گلفام عرف چڑا ولد نورالاسلام کو ایس ایچ او تھانہ شنکیاری طارق خان نے گرفتار کرلیا۔ جبکہ باقی ایک ملزم کی تلاش جاری ہے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 16

صدارت ڈینگی کے تدارک اور روک تھام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال، جاری سرگرمیوں اور انسدادِ ڈینگی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ڈینگی فوکل پرسن نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال، مختلف علاقوں میں جاری سرگرمیوں اور مچھروں کی افزائش کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد شعیب نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ ڈینگی کے تدارک کے لیے جاری سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور تیز کیا جائے، حساس علاقوں میں سرویلنس کا عمل مؤثر بنایا جائے اور مچھروں کی افزائش کے ممکنہ مقامات کی بروقت نشاندہی کر کے فوری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 17

دیگر ملحقہ اضلاع سے بھی مریض باقاعدگی سے یہاں رجوع کرتے ہیں خادم عبدالوحید نے کہا افسوس اور دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ ہسپتال کی لیبارٹری میں مریضوں کے لیے متعدد بنیادی اور ضروری ٹیسٹوں کی سہولت میسر نہیں ہے، جبکہ لیبارٹری کا عملہ بھی اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ٹیسٹوں کے لیے درکار ضروری وسائل اور سہولیات فراہم نہیں کی گئیں، جس کی وجہ سے یہ ٹیسٹ نہیں کیے جا رہے۔ علاوہ ازیں، ڈی جی ہیلتھ کی جانب سے جن اہم ٹیسٹوں کو ہسپتال کی لیبارٹری میں ہونے کی بات کی گئی ہے، ان میں شوگر، بلڈ پریشر، بی پی، جگر اور دیگر اہم بیماریوں سے متعلق ٹیسٹ بھی شامل ہیں، لیکن افسوس کہ یہ سہولیات بھی کنگ عبداللہ ہسپتال میں دستیاب نہیں ہیں، حالانکہ ضلع کے سب سے بڑے سرکاری ہسپتال میں یہ بنیادی سہولیات لازمی طور پر موجود ہونی چاہئیں۔ لہذا ہم ڈی جی ہیلتھ، سیکرٹری ہیلتھ، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی اور ڈاکٹر جواد مجید سواتی ایم ایس کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال سے پر زور گزارش کرتے ہیں کہ فوری طور پر کنگ عبداللہ ہسپتال کی لیبارٹری کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مطلوبہ فنڈز اور وسائل فراہم کیے جائیں

بقیہ 18

تاریخی آئینی اقدام میں کلیدی کردار ادا کیا، جس پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا جاتا ہے۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، بعد ازاں ثنا خواں و نعت خواں نعیم برادران نے نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ عقیدت پیش کیا۔ کانفرنس میں سینئر نائب صدر و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی سید جعفر شاہ جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد افتخار تنولی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ساجد جاوید بٹ، صدر پی کے 45 سید مہربان شاہ ترمذی، جنرل سیکرٹری پی کے 45 شیخ نثار، صدر پی کے 43 محمد آصف، جنرل سیکرٹری خواتین ونگ ایبٹ آباد رومش سلیم، رابطہ سیکرٹری نصیر احمد جنجوعہ۔ صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ہزارہ سید معراج علی شاہ، صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ایبٹ آباد سید وحید شاہ کاظمی۔ جنرل سیکرٹری سید فیضان شاہ سمیت عوامی، سماجی، مذہبی و روحانی شخصیات، وکلا، صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور پیپلز پارٹی کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں سیرت رسول ﷺ اور عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اسلام کو ہر دور میں مختلف چیلنجز کا سامنا رہا ہے، تاہم عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا بنیادی جزو ہے، اس لیے اس حوالے سے عوام میں شعور، اتحاد اور آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقررین نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے حوالے سے تاریخی کردار ادا کیا، جسے اسلامی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی اس تاریخی آئینی اقدام کو اپنے لیے باعث فخر سمجھتی ہے۔ کانفرنس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، اسلامی اقدار کے فروغ اور عوام میں مذہبی شعور و آگاہی کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔

بقیہ 19

صاحب نے عوامی مسائل کو غور سے سنا اور پولیس سے متعلق بعض مسائل کو موقع پر ہی حل کرنے کے احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر مسائل کے حل کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایات دیں۔ اس موقع پر پولیس کے دائرہ اختیار سے باہر عوامی مسائل اور مطالبات بھی پیش کیے گئے، جن پر ڈی پی او تورغر نے متعلقہ محکموں اور اداروں کو مراسلے ارسال کرنے کی ہدایات جاری کیں، تاکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر مؤثر پیش رفت یقینی بنائی جا سکے۔ ڈی پی او تورغر ارشد خان (PSP) نے کہا کہ پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے موجود ہے، عوام کے جائز مسائل کے حل کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ تھانہ کی سطح پر اگر کسی قسم کی کمی یا خامی ہو تو عوام اس کی نشاندہی کریں تاکہ پولیسنگ کے نظام میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے اراضی کے تنازعات کے حوالے سے کہا کہ عوامی سطح پر ایسے تنازعات کے پرامن حل کے لیے DRC کو تھانہ لیول پر فعال کیا گیا ہے، جبکہ منشیات بالخصوص آئس کے استعمال اور فروخت کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ اپنے بچوں پر نظر رکھیں اور منشیات فروشوں اور آئس کے استعمال یا فروخت میں ملوث عناصر کی بروقت نشاندہی پولیس کو کریں۔ ڈی پی او تورغر نے موجودہ حالات کے پیش نظر عوام سے اپیل کی کہ مشکوک سرگرمیوں کی بروقت اطلاع پولیس کو دیں اور امن و امان کے قیام میں پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ کھلی کچہری کے اختتام پر مقامی عمائدین اور شہریوں نے عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے ضلعی پولیس کی کاوشوں کو قابل تحسین

قرار دیا۔

بقیہ 20

کہ آج ہم دین اسلام کی تعلیمات سے دور ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے آج معاشرہ میں مختلف قسم کے بگاڑ پیدا ہو رہے ہیں اسی طرح دین اسلام کی تعلیمات سے دور رہتے ہوئے آج ہماری زندگی میں سنت نہیں دکھائی دے رہی جس کی وجہ سے آج ہر شخص معاشی مشکلات سے دوچار ہے آج بھی وقت ہے کہ ہم دین اسلام کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی گزارنا شروع کریں تو ازخود ہماری مشکلات ختم ہو جائیں گی ہماری تباہی کا سب سے بڑا سبب سودی نظام ہے سود کی لعنت کا خاتمہ ضروری ہے

بقیہ 21

فروخت کیا جا رہا ہے کسی کے پاس بھی سرکاری ریٹ نامہ موجود نہیں ہے اسی طرح ایل پی جی مافیا نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے شروع کر رکھے ہیں ایل پی جی کے بھی من مانے نرخ مقرر ہیں کسی کے پاس سرکاری نرخنامہ نہیں ہے بار بار متعلقہ ذمہ داران کے علم میں لانے کے باوجود کوئی شنوائی حاصل نہیں ہو رہی

بقیہ 22

ن کو ختم کر کے دم لے گی عوام اس انتظار میں ہیں کہ موجودہ ظالم حکومت سے نجات ملے اور آئندہ مسلم لیگ ن کے نشان سے بھی عوام کی نفرت بری شکست کی صورت میں سامنے آئے گی شہباز شریف نے آتے ہی عوام کی جیبوں پر ڈاکے ڈالنا شروع کر رکھے ہیں اور اب عوام کی قوت برداشت جواب دے رہی ہے تنگ آمد بجنگ آمد کے مترادف ہیں جلد ہی عوام موجودہ حکومت کے خلاف سڑکوں پر ہوگی آج عوام مسلم لیگ ن کا نام بھی لینا پسند نہیں کرتی ہے کیونکہ موجودہ حکومت نے عوام دشمنی کی تمام حدیں پار کر دی ہیں اور شرم کا مقام ہے کہ عوام کے ساتھ بھونڈا مذاق کرتے ہوئے کبھی پچاس پیسے کبھی تیس پیسے پٹرول سستا کر کے چاپلوسوں کو گن گانے کا کہا جاتا ہے

بقیہ 23

پختونخوا کے سندھ میں دیے گئے سیاسی بیانات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر صوبائی حکومت اپنے عوام کو تحفظ، روزگار اور بنیادی سہولیات فراہم نہیں کر سکتی تو دوسرے صوبے میں بڑے دعوے کرنا مناسب نہیں۔ انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی پالیسیوں کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایک طرف خیبر پختونخوا کی تقسیم سے متعلق صوبائی اسمبلی میں قراردادیں منظور کی جا رہی ہیں، جبکہ دوسری جانب وزیراعلیٰ سندھ میں صوبے کی تقسیم کی مخالفت کا اعلان کر رہے ہیں۔ اے این پی رہنما نے اس صورتحال کو سیاسی تضاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کی پالیسیوں میں موجود تضاد اب عوام کے سامنے آ چکا ہے

بقیہ 24

سیکنڈری سکول کی نئی بلڈنگ اور بوائز سکول کو مکمل سولر سسٹم کی فراہمی سمیت کے لیے کروڑوں کے فنڈز اور جلد منصوبوں پر کام شروع کرنے کی یقین دہانی کروا دی سرائے نعمت خان کی نامور سیاسی و سماجی شخصیات شکیل احمد خان سرور تنولی ملک محمد افضل راجہ ریاست علی ملک جاوید قاضی نومی ڈاکٹر ساجد اعوان سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے کروڑوں کے فنڈز فراہم کرنے پر یوسف ایوب خان عمر ایوب خان اور اکبر ایوب خان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ 25

، چوہدری محمد نواز گلفراز، کے علاوہ سٹاف ممبران ارشد نواز، ملک محمد اشفاق، محمد مرتضیٰ اور محمد وحید نے شرکت کی۔ اجلاس میں پرنسپل عامر عتیق صدیقی نے شرکا کو سکول اور طلبا کو درپیش کئی اہم مسائل سے آگاہ کیا۔ شرکا نے سکول کے مختلف مسائل جن میں سکول کے راستہ کی تعمیر، لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے راستہ کی بندش، اضافی کمروں کی تعمیر، ایس ایس آئی ٹی اور سویپر کی پوسٹوں کی منظوری، سائنس لیب کے سامان کی فراہمی وغیرہ شامل ہیں کے حل کیلئے حکومتی شخصیات و متعلقہ فورمز سے رابطہ کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر پرنسپل ڈاکٹر عامر عتیق صدیقی نے اس امر کا اظہار کیا کہ بہتر نظم و نسق کیساتھ کوالٹی ایجوکیشن اور طلبا کی کردار سازی کیلئے اساتذہ مزید مؤثر انداز میں اپنے فرائض جاری رکھیں گے۔ شرکا نے ادارہ کے مختلف حصوں کا وزٹ بھی کیا۔

بقیہ 26

صحافیوں کے ذریعے متعلقہ حکام تک مسائل کی نشاندہی کرواتے ہوئے کہا انھوں نے کہا اس سے قبل مسلسل دو سال اجتماع میں پولیس ڈیپارٹمنٹ کے مکمل تعاون سے کامیاب اور پرامن اجتماعات ہوئے جن سے سینکڑوں افراد اللہ کی راہ میں نکلے جمیل ماموں۔ نے کہا ہم ڈی سی او اور دیگر متعلقہ صاحبان کے ممنون ہیں یہ اجتماع بحثیت مسلمان ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے آپ کے حصہ ڈالتے ہوئے اس اجتماع کے لئے فکر مند ہوں انھوں نے کہا اس بار اجتماع میں پہلے کی نسبت تین گنا زیادہ لوگ شرکت کریں گے جمیل ماموں نے ڈی سی بہزاد عادل اور دیگر متعلقہ حکام بالا کو یقین دلایا کہ ہمارا تعلق ٹرانسپورٹ سے ہے۔ ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ ٹریفک کے حوالے سے مسائل درپیش نہ ہوں اور متعلقہ حکام سے بھی امید کرتے ہیں وہ اس اجتماع کو کامیاب کرنے میں بھرپور کردار ادا کریں گے

بقیہ 27

بیان کو اگر تنقید کی بجائے مثبت طریقہ پر لے کر دیکھا جائے تو حکومت کے لیئے ان کے اس بیان میں عوام دوست پالیسیوں کے فقدان اور اپنی کارکردگی کا جائزہ لینے کا درس بھی چھپا ہے۔

بقیہ 28

سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سگے باپ بیٹوں کو گرفتار کرلیا، جبکہ ملزمان کے قبضے سے 8 موٹر سائیکلیں برآمد کرلی گئیں۔ ایس ایچ او تھانہ لاری اڈہ فیصل خلیل نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث بٹ دریاں کے رہائشی سگے باپ بیٹوں کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان میں باپ شکیل ولد اسلم اور بیٹے عباس علی اور احسن علی شامل ہیں۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 7 عدد موٹر سائیکلیں 125 اور 1 عدد موٹر سائیکل 70 برآمد کرلی ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان سے موٹر سائیکل چوری کی مزید وارداتوں کے حوالے سے اہم انکشافات متوقع ہیں، جبکہ پولیس کی جانب سے ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 29

اضافہ، پیٹرول 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہو گیا۔ اسلام آباد حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا، جس کے بعد ملک بھر میں پیٹرول اور ڈیزل مزید مہنگے ہو گئے ہیں۔ نئی قیمتوں کا اطلاق 8 ستمبر 2026 سے ہوگا۔ **حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے 90 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 358 روپے 77 پیسے فی لیٹر مقرر کردی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں بھی 3 روپے 72 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 381 روپے 77 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ **حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد شہریوں اور ٹرانسپورٹرز پر اضافی مالی بوجھ پڑنے کا خدشہ ہے، جبکہ ڈیزل کی قیمت میں اضافے کے اثرات ٹرانسپورٹ اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر

بھی مرتب ہونے کا امکان ہے۔ **ذرائع کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں 8 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہوں گی اور آئندہ قیمتوں کے تعین تک یہی نرخ برقرار رہیں گے۔ **پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سے عوام میں تشویش پائی جا رہی ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی مہنگائی اور بڑھتے ہوئے اخراجات نے گھریلو بجٹ متاثر کر رکھا ہے، ایسے میں پیٹرول کی قیمت میں مزید اضافہ مشکلات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ دوسری جانب ڈیزل کی قیمت بڑھنے سے پبلک ٹرانسپورٹ، مال بردار گاڑیوں اور زرعی شعبے کے اخراجات میں اضافے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں اشیائے خورونوش اور دیگر ضروری سامان کی ترسیل کے اخراجات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ *عیدالاضحیٰ پر تین روز مسلسل صفائی کرنے والے ٹی ایم اے کوٹ نجیب اللہ کے ملازمین تاحال تعریفی انعام سے محروم

بقیہ 30

شنکیاری اور گردونواح میں اشیاء خوردونوش کے من مانے نرخ مقرر، غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے گراں فروشوں نے سرکاری نرخنامے جوتی کی نوک پر رکھ دیئے ہیں کسی بھی گراں فروش کے پاس کوئی نرخنامہ موجود نہیں ہے ایک ہی بازار میں تاجروں نے اپنے اپنے مختلف نرخ مقرر کر رکھے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے آٹے چینی چائے ایل پی جی گیس گوشت سبزی فروٹ اور دیگر اشیاء خوردونوش کے من مانے نرخ وصول کئے جاتے ہیں مہنگائی کے نام پر غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا تا ہے آئے روز اشیاء ضروریہ کے نرخوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے بازاروں میں ناقص اور غیر معیاری اشیاء خوردونوش کی فروخت بھی جاری ہے گراں فروشوں کو متعلقہ اداروں نے کھلی چھوٹ دے رکھی ہے عوامی حلقوں نے حکومت اور انتظامیہ سے فی الفور نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 31

قریشی نے مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بمقدمہ علت نمبر 617 مورخہ 16.08.2017، جرم 489-F PPC میں مطلوب مجرم اشتہاری منظور حسین ولد غلام حسین سکنہ چکوال، حال محلہ ٹینکی حویلیاں کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ضلع پولیس ایبٹ آباد کی جانب سے جرائم پیشہ اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 32

سے ملاقات کر کے ان کے مسائل اور آراء سنیں اور متعلقہ افسران کو بروقت، شفاف اور مؤثر سروسز کی فراہمی اور شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ریونیو ریکارڈ کی درستگی، سروسز کی رفتار میں بہتری اور شہریوں کو جدید و معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔

بقیہ 33

میں پاکستان کو درپیش موجودہ مسائل و چیلنجز، ان کے ممکنہ حل، قومی ذمہ داریوں اور ملکی تعمیر و ترقی میں نوجوان نسل کے کردار کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی تقریب میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور مقررین کے خیالات کو دلچسپی سے سنا گیا۔ تقریب میں مسلم یوتھ لیگ پاکستان کے صدر تابش قیوم، مسلم یوتھ لیگ خیبر پختونخوا کے صدر عبداللہ ولید اور مرکزی مسلم لیگ ضلع مانسہرہ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالسلام نے خصوصی شرکت کی اور نوجوانوں سے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان اس وقت مختلف معاشی، سماجی اور سیاسی چیلنجز سے گزر رہا ہے، جن سے نمٹنے کے لیے نوجوان نسل کو اپنا کردار مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوگا۔ نوجوان ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ اور مستقبل کی قیادت ہیں، اس لیے انہیں تعلیم، ہنر، کردار سازی اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے نوجوانوں میں شعور، ذمہ داری، اتحاد اور خدمت خلق کے جذبے کو فروغ دینا ہوگا۔ نوجوان اگر اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں استعمال کریں اور ملک و قوم کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کریں تو پاکستان کو درپیش بہت سے مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ مقررین نے نوجوانوں کو درپیش مسائل کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ روزگار کے محدود مواقع، معیاری تعلیم تک رسائی، ہنرمندی کے فروغ اور منفی سرگرمیوں سے نوجوانوں کو محفوظ رکھنا اہم قومی ذمہ داری ہے۔ ریاستی اداروں، سیاسی و سماجی تنظیموں اور نوجوانوں کو مل کر ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جن سے نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آسکیں۔ اس موقع پر پاکستان کی موجودہ صورتحال، قومی یکجہتی، ملکی تعمیر و ترقی اور نوجوانوں کی ذمہ داریوں کے حوالے سے مختلف امور پر اظہار خیال کیا گیا، جبکہ شرکا کی جانب سے بھی سوالات اور تجاویز پیش کی گئیں مقررین نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کے مثبت مستقبل کے لیے اپنی توانائیاں تعمیری اور فلاحی سرگرمیوں میں صرف کریں

بقیہ 34

اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال خٹک کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ نے کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورہ کے دوران ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات اور متعلقہ عملے کی حاضری بھی چیک کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف وارڈز کا دورہ کرتے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ثنا فاطمہ نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، صفائی ستھرائی کے انتظامات میں مزید بہتری لائی جائے جبکہ ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری پر بھی خصوصی توجہ دی جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں میں مؤثر سروس ڈیلیوری انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 35

خلاف پرچہ دیا شہریوں کو لوٹنے ان کروہوں میں مردوں کے ساتھ خواتین گروہ زیادہ متحرک ہیں جو بھیک مانگنے کے روپ میں گھوم کر اپنا شکار کرتے ہیں ان انتظامیہ نے عوام الناس اور تاجروں سے کہا ہے کہ آپ اپنی کاروباری مراکز میں کیمرے نصب کریں تاکہ ایسی وارداتوں میں ملوث عناصر کی نشاندہی ہو

بقیہ 36

میں مصروف نظر آتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سی پیک ایک تیز رفتار اور اہم شاہراہ ہے، جہاں اس قسم کی بے احتیاطی کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ ویگنوں اور کیری ڈبوں کا اچانک سڑک پر رک جانا اور سواریاں اتارنا یا بٹھانا تیز رفتار گاڑیوں کے لیے شدید خطرات پیدا کر رہا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ سی پیک روڈ پر ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، موٹر سائیکلوں کی غیر قانونی آمدورفت اور ویگنوں و کیری ڈبوں کے غیر مجاز مقامات پر سواریاں اتارنے اور بٹھانے کا فوری نوٹس لیا جائے تاکہ کسی بڑے اور المناک حادثے سے قبل مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔

بقیہ 37

ملک آفرین، احسان اللہ باقی نے گزشتہ روز گیگال قوم کی جانب سے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر زسردار محمد ریاض کے قافلے پر مبینہ فائرنگ کے واقعے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی۔ حاجی ملک آفرین نے سردار محمد ریاض اور ان کے ساتھیوں کی خیریت دریافت کی اور ان کی سلامتی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مکمل صحت و تندرستی اور سلامتی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی و سماجی اختلافات اپنی جگہ، تاہم کسی بھی شخص یا عوامی نمائندے کو تشدد یا فائرنگ کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے کہا کہ ایسے افسوسناک واقعات سے نہ صرف علاقے کا امن متاثر ہوتا ہے بلکہ عوام میں بھی تشویش پیدا ہوتی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام فریقین صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور مسائل کو باہمی گفت و شنید اور پرامن طریقے سے حل کرنے کو ترجیح دیں۔ حاجی ملک آفرین اور احسان اللہ باقی نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں گے، تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے سردار محمد ریاض اور ان کے ساتھیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں مکمل صحت، سلامتی اور حفاظت عطا فرمائے۔

بقیہ 38

اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ محمد اظہر خان نے اجتماع کے مرکزی پنڈال کا دورہ کیا اور سیکیورٹی، ٹریفک، پارکنگ، ریسکیو اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر متعلقہ پولیس و ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے۔ اجتماع کے دوران شرکا کی سہولت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان اور ٹریفک میپ تیار کیا گیا ہے، جس میں مختلف راستوں اور پارکنگ ایریاز کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے کہا کہ مانسہرہ پولیس اجتماع کے پرامن اور محفوظ انعقاد کے لیے تمام تر اقدامات یقینی بنا رہی ہے، جبکہ ضلعی انتظامیہ بھی شرکا کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی۔

بقیہ 39

دن بدن اشیاء ضروریہ کی بڑھتی قیمتیں غریب دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ تعمیراتی سامان مہنگا ہونے سے غریب دیہاڑی دار بھی پریشان ہیں حکومت اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کر کے عوام کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے۔ ان خیالات کا اظہار صدائے پاکستان پارٹی کے مرکزی چیئرمین ملک گل نواز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین صدائے پاکستان پارٹی ملک گل نواز کا کہنا تھا حکومت عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہے۔ صنعت کار، کاروباری طبقہ، تاجر اور عوام سب پریشان ہیں۔ پٹرول ڈیزل کی قیمتیں تاریخ کی اونچی اڑان پر ہیں جس نے مہنگائی کی رسی کو ڈھیل دے رکھی ہے۔ ملک گل نواز کا مزید کہنا تھا اقتدار پر براجمان جماعتیں عوام کے مسائل سے بے خبر ہیں اسمبلیوں میں جانے والے سرمایہ دار اور جاگیر دار عوام کی حقیقی معنوں میں نمائندگی نہیں کرتے۔ جب تک عوام دیانت دار، محب وطن اور عوام کا درد دل رکھنے والوں کا ساتھ نہیں دیں گے انصاف نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج غریب پر آٹا بم برسایا جاتا ہے سبزیاں دالیں بھی عوام کی پہنچ سے دور ہیں 20 کلو آٹا 3000 سے تجاوز کر چکا ہے۔ غریب آٹا ڈالڈا خریدنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ گیس اور بجلی کے بھاری ٹیکسز اور سلیب سسٹم والے بل کیسے ادا کرے۔ معدنی اور قدرتی وسائل بھی عوام سے کوسوں دور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان مسائل کو سمجھے اور غریب کے دکھوں کا مداوا کرے۔ ورنہ ایک وقت آئے گا کہ عوام کے طوفان کو نہیں روک سکیں گے۔

بقیہ 40

کے مطابق عیدالاضحیٰ کے تینوں دن ٹی ایم اے کوٹ نجیب اللہ کے متعلقہ ملازمین نے شدید گرمی اور مشکل حالات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں پوری کیں۔ قربانی کے جانوروں کی آلائشیں اٹھانے، گلی محلوں اور شاہراہوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ملازمین نے معمول سے بڑھ کر کام کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صفائی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے آنے والے اعلیٰ افسران نے بھی ٹی ایم اے کوٹ نجیب اللہ کے ملازمین کی کارکردگی کو سراہا اور ان کی محنت کے اعتراف میں تعریفی انعام دینے کا اعلان کیا تھا۔ اس اعلان کے بعد ملازمین کو امید تھی کہ انہیں ان کی خدمات کا صلہ جلد فراہم کر دیا جائے گا۔ تاہم عیدالاضحیٰ کو گزرے کافی عرصہ گزرنے کے باوجود کوٹ نجیب اللہ کے کسی بھی ٹی ایم اے ملازم کو تاحال اعلان کردہ تعریفی انعام نہیں مل سکا۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق دیگر علاقوں میں عید کے موقع پر صفائی کے فرائض انجام دینے والے ملازمین کو ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی انعامات دیے جا چکے ہیں، جس کے باعث کوٹ نجیب اللہ کے ملازمین میں احساس محرومی پیدا ہو رہا ہے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ انہوں نے عید کے موقع پر اپنے اہل خانہ کے ساتھ وقت گزارنے کے بجائے عوام کی خدمت کو ترجیح دی۔ تینوں دن مسلسل کام کرتے ہوئے شہر کو صاف رکھنے کی کوشش کی تاکہ شہریوں کو عید کے موقع پر کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایسے میں اگر ان کی محنت کے اعتراف میں کیا گیا وعدہ بھی پورا نہ کیا جائے تو یہ ان کے لیے انتہائی مایوس کن صورتحال ہے۔ شہری حلقوں نے بھی متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صفائی کے عملے کی محنت، فرض شناسی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والوں کو نظر انداز نہ کیا جائے اور اعلان کردہ تعریفی انعام بلا تاخیر ملازمین تک پہنچایا جائے۔ کوٹ نجیب اللہ کے ٹی ایم اے ملازمین نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے دیگر علاقوں کی طرح انہیں بھی ان کی خدمات کے اعتراف میں اعلان کردہ تعریفی انعام فراہم کیا جائے، تاکہ محنت کرنے والے ان غریب ملازمین کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔

بقیہ 41

مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی، جبکہ شرکا نے علاقے میں ترقیاتی کاموں کے آغاز اور مختلف منصوبوں پر وزیر پاور اینڈ انرجی نزیر احمد عباسی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر علاقے کے دیگر عوامی مسائل، بجلی، سڑکوں اور بنیادی سہولیات سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ یونین کونسل بیروٹ کی ہر ویلج کونسل میں اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک ڈویلپمنٹ کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو متعلقہ محکموں، ایبٹ آباد انتظامیہ، پشاور میں موجود صوبائی محکموں اور دیگر اداروں کے ساتھ رابطے میں رہے گی۔ یہ کمیٹیاں اپنے اپنے علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی، مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کریں گی۔ ملاقات کے دوران 27 ستمبر کو ہونے والے احتجاج کے حوالے سے بھی تفصیلی مشاورت کی گئی۔ یونین کونسل بیروٹ کی تمام سیاسی قیادت اور کارکنوں نے احتجاج میں بھرپور شرکت کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وفد میں بیروٹ خورد سے پی ٹی آئی رہنما واجد عباسی، سابق یوتھ کونسلر و یوتھ رہنما شہباز عباسی، یوسی جنرل سیکرٹری محمد نعیم عباسی، سابق کونسلر شوکت حسین عباسی، یوتھ صدر عادل خالد عباسی، سینئر رہنما اصغر عباسی، چوہدری بشیر، واجد لطیف عباسی، اسیر جمہوریت عثمان عباسی، یاسین عباسی جبکہ بیروٹ کلاں سے سینئر رہنما رفاق عباسی، بابائے سیاست جاوید اکرم عباسی، سیاسی جوڑ توڑ کے حوالے سے معروف رہنما طیب احمد

عباسی، تنظیم کے بانی عقیل احمد عباسی، نوجوان سیاسی رہنما عامر امتیاز عباسی، بزرگ سیاسی رہنما سردار عابد علی عباسی، رہنما پی ٹی آئی ضیا الحق عباسی، بزرگ رہنما ذاکر عباسی اور دیگر قیادت شامل تھی۔ ملاقات کے دوران جاوید اکرم عباسی کی جانب سے وزیر پاور اینڈ انرجی نزیر احمد عباسی کو عباسیہ میں منعقد ہونے والے پروگرام میں شرکت کی دعوت دی گئی، جبکہ بیروٹ خورد کی ٹیم نے بی ایچ یو روڈ کے افتتاح کے لیے بھی خصوصی دعوت دی۔

بقیہ 42

سیل بوتلیں فراہم کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق بعض شادی ہالز میں معروف کمپنیوں، جن میں مختلف کمپنیز کی برانڈز بوتلیں شامل ہوتی ہیں کی قیمت مہمانوں یا میزبانوں سے وصول کی جاتی ہے تاہم بعض استعمال شدہ بوتلوں میں مبینہ طور پر مقامی پانی بھر کر دوبارہ مہمانوں کو فراہم کیا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعدد شادی ہالز میں تقریبات کے لیے بکنگ کروانے والے میزبانوں سے پینے کے پانی کی بوتلوں کے نام پر باقاعدہ معاوضہ وصول کیا جاتا ہے جبکہ بعض مقامات پر شادی ہالز انتظامیہ کی جانب سے فراہم کی جانے والی بوتلیں مکمل طور پر سیل شدہ نہیں ہوتیں۔ اس عمل کے باعث نہ صرف صارفین سے مبینہ طور پر زائد رقم وصول کی جا رہی ہے بلکہ حفظان صحت کے حوالے سے بھی سنجیدہ خدشات پیدا ہو گئے ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور متعلقہ فوڈ سیفٹی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مانسہرہ کے شادی ہالز اور ہوٹلوں میں پینے کے پانی کی بوتلوں کا معیار، سیل اور پانی کے ماخذ کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تقریبات میں آنے والے افراد پینے کے پانی کو محفوظ سمجھ کر استعمال کرتے ہیں، اس لیے اگر بوتلوں میں غیر معیاری یا غیر مصدقہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے تو یہ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شکایات کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور شادی ہالز میں معیاری و سیل شدہ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 43

قبضہ شریف شہریوں کو راستہ روک کر زبردستی خیرات کی صورت میں جگہ ٹیکس وصول کرنے لگے متعلقہ ادارے بھیک مانگنے والوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیں شہریوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ایبٹ آباد بھیک مانگنے والوں میں خطرناک اضافہ بھیگ مانگنے والے مردوں عورتوں ہیجڑوں نے بازاروں پر مکمل قبضہ بازار خریداری کے لیے آنے والے شہریوں کا بھیک مانگنے والوں نے جینا حرام کردا زبردستی بھیک کے نام پیسہ وصول کرنے لگے متعلقہ ادارے بھیگ مانگنے والوں کے شر سے شہریوں کو بچانے کے لیے فوری ٹھوس اقدامات کریں۔

بقیہ 44

سینئر نائب صدر عبدالرزاق فوجی کے اعزاز میں جماعت اسلامی کے تاجر نمائندوں کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں تاجر برادری کے نمائندوں، جماعت اسلامی کے ذمہ داران اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ شرکا نے عبدالرزاق فوجی کو ایوان تجارت اوگی کا سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے باہمی اتحاد اور مؤثر نمائندگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقررین نے امید ظاہر کی کہ عبدالرزاق فوجی اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے تاجر برادری کی آواز متعلقہ فورمز تک پہنچانے اور ان کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر عبدالرزاق فوجی کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں نیک تمناؤں کے ساتھ مبارکباد پیش کی گئی۔ اوگی: ایوان تجارت اوگی کے سینئر نائب صدر عبدالرزاق فوجی کے اعزاز میں جماعت اسلامی کے تاجر نمائندوں کی جانب سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں تاجر برادری کے نمائندوں، جماعت اسلامی کے ذمہ داران اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ شرکا نے عبدالرزاق فوجی کو ایوان تجارت اوگی کا سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے باہمی اتحاد اور مؤثر نمائندگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقررین نے امید ظاہر کی کہ عبدالرزاق فوجی اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے تاجر برادری کی آواز متعلقہ فورمز تک پہنچانے اور ان کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر عبدالرزاق فوجی کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں نیک تمناؤں کے ساتھ مبارکباد پیش کی گئی۔

بقیہ 45

نے فرض شناسی کی نئی داستان رقم کرتے ہوئے عوام کی حفاظت کے لیے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر حقیقی محافظ ہونے کا حق ادا کیا۔ تمام احباب سے دل کی گہرائیوں سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ پاک ہمارے نڈر اور شیر دل بھائی ملک اویس کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے

بقیہ 46

ضلعی جنرل سیکرٹری جمیعت علما کا کہنا تھا کہ پہلے روز سترہ سو سے زائد مریض چیک اپ کے لئے رجسٹریشن کروا چکے انکی راہنمائی اور عملہ کی تعاون کے لئے ہمارے رضا کار موجود ہیں مولانا محمد ابراہیم کا کہنا تھا کہ جو بھی آنکھوں کے چیک اپ کے لئے اس کیمپ میں آنا چاہئے تو وہ مانسہرہ روڈ پر چن پلازہ اور جھنگی سٹاپ کے درمیان کیمپ میں آکر مفت علاج کروا سکتا ہے۔ مہتمم تعلیم القرآن جھنگی مولانا غلام مجتبیٰ کا کہنا تھا کہ الشفا آئی ٹرسٹ کی جدید مشینری ادویات آلات کے ساتھ ماہر ڈاکٹروں اور عملہ کی ٹیم مریضوں کو چیک کر کے موقع پر ہی آپریشن بھی کر رہے ہیں اور ادویات نظر کے چشمے بھی دے رہے اس موقع پر انھوں نے کہا ایبٹ آباد کے شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہاں آئیں خواتین وحضرات کے لیے الگ الگ باپردہ انتظام موجود ہے مدرسہ تعلیم القرآن جھنگی کی طرف سے تمام انتظامات کیے گئے ہیں

بقیہ 47

حیران ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم پچھلی کئی دہائیوں سے سیاستدانوں کی اس منتق اور فارمولے کو ابھی تک سمجھ نہیں سکی کہ جو سیاستدان حکومت میں آ جائیں تو وہ اداروں کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے مگر وہی سیاست دان جب انتخابات میں شکست کھا کر اقتدار سے دور ہو جائیں تو وہی ادارے ان کی تنقید کا ٹارگٹ بن جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم پچھلے ستر سالوں سے سیاستدانوں کو اپنے خون پسینے کی کمائی پر درجنوں قسم کے ظالمانہ ٹیکسز دے کر پالتے پالتے اب تھک چکی ہے اور ملک کے ذمہ داران سے مطالبہ کر رہی ہے کہ وہ اس ملک دشمن اور عوام کش نظام سے ان کی جان چھڑوا دیں۔

بقیہ 48

اضافہ کرنی ہے تو مہنگائی کا طوفان امڈ آتا ہے عوامی حلقوں نے حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت فی الفور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں فوری طور پر کمی کرے موجودہ حکومت نے غریب مکاؤ مہم چلا رکھی ہے غریب کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے فی الفور حکومت مہنگائی میں کمی کرے

مانسہرہ' ڈپٹی کمشنر خالد اقبال خٹک کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ثناء فاطمہ کنگ عبداللہ ہسپتال اور ڈاڈر جنرل ہسپتال کا دورہ کرتے ہوئے

کوٹ نجیب اللہ کے ٹی ایم اے ملازمین تاحال انعام سے محروم

ملازمین میں اس صورتحال پر تشویش پائی جارہی ہے، عید پر تین روز صفائی کرنے والے ملازمین کا تعریفی انعام دینے کا مطالبہ

ہری پور (ڈپٹی بیورو رپورٹ) عیدالاضحیٰ کے موقع پر کوٹ نجیب اللہ میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے تینوں روز مسلسل محنت اور لگن سے فرائض انجام دینے والے ٹی ایم اے کے ملازمین تاحال تعریفی انعام سے محروم ہیں۔ ملازمین میں اس صورتحال پر تشویش پائی جارہی ہے اور انہوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے ذرائع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

مانسہرہ، تبلیغی اجتماع، ڈی سی اور ڈی پی او کا پنڈال کا دورہ

افسران نے سیکیورٹی، ٹریفک، پارکنگ، ریسکیو اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) تبلیغی اجتماع کی تیاریاں جاری، ڈپٹی کمشنر مانسہرہ اور ڈی پی او مانسہرہ کا پنڈال کا دورہ۔تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے علاقے ترنگڑی صابر شاہ نوکوٹ، بفہ میں 9، 10اور 11 ستمبر کو منعقد ہونے والے تین روزہ تبلیغی اجتماع کی تیاریاں جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

ظالمانہ مہنگائی نے عوام کا جینا محال کردیا، ملک گل نواز

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) حکومت بجلی گیس پٹرول ڈیزل سستا اور اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں فی الفور کم کرے۔ مہنگائی نے عوام کا جینا مشکل کر دیا ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر39)

مانسہرہ' سابق ایم این اے ملک آفرین و دیگر سردار محمد ریاض کے بھائی سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کا ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سینٹر کا دورہ

ریونیو سروسز کا جائزہ، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے اور شفاف سہولیات کی ہدایت

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سینٹر ایبٹ آباد کا دورہ کیا اس موقع پر انھوں نے انتقالات، رجسٹری، فردات، ریکارڈ کی درستگی اور دیگر ریونیو سروسز کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

مانسہرہ میں مسلم یوتھ لیگ کا یوتھ گیٹ ٹوگیدر کا انعقاد

نوجوانوں کی بھرپور شرکت، نوجوانوں کے کردار، قومی مسائل اور ملکی ترقی پر گفتگو

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مسلم یوتھ لیگ مانسہرہ کے زیرِ اہتمام نوجوانوں کے لیے خصوصی گیٹ ٹوگیدر یوتھ کا انعقاد کیا گیا جس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

مسلم یوتھ لیگ ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

ڈی سی کی ہدایت پر ثناء فاطمہ کا کنگ عبداللہ ہسپتال کا معائنہ

مختلف وارڈز میں طبی سہولیات، صفائی، ادویات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال خٹک کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ کا کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ، مختلف شعبہ جات کا معائنہ، طبی سہولیات، صفائی، ادویات کی دستیابی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

حویلیاں پولیس کا جیب کتروں کے خلاف کریک ڈاؤن

متعدد ملزمان گرفتار، شہریوں اور تاجروں کو کاروباری مراکز میں کیمرے نصب کرنے کی ہدایت

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں پولیس کا جیب کتروں اور مرد و خواتین گروہوں کے خلاف کریک ڈان عوامی اور تاجروں کی شکایات پر حویلیاں پولیس نے ان جیب کتروں کے خلاف کریک ڈان کیا اور متعدد کو گرفتار کر کے انکے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

کمشنر ہزارہ ڈویژن شاہد اللہ خان اور ڈائریکٹر نیب خیبر پختونخوا خطاب گل آفریدی ایبٹ آباد انسداد بدعنوانی کے موقع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

بیروٹ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے ڈویلپمنٹ کمیٹیاں بنانے کا فیصلہ

وزیر پاور اینڈ انرجی نزیر احمد عباسی سے پی ٹی آئی قیادت کی ملاقات، 27 ستمبر کے احتجاج میں بھرپور شرکت کا عزم

نتھیاگلی (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف یونین کونسل بیروٹ کے صدر رضا فرمان عباسی کی دعوت پر یونین کونسل بیروٹ کے تمام ویلیج کونسلز کے اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی قیادت نے وزیر پاور اینڈ انرجی خیبر پختونخوا و رکن صوبائی اسمبلی پی کے 42 نزیر احمد عباسی سے ان کی رہائش گاہ پر اجتماعی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران یونین کونسل بیروٹ میں جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

مانسہرہ کے شادی ہالز میں غیر سیل شدہ پانی کی بوتلوں کا انکشاف

مختلف کمپنیز کی برانڈز بوتلیں شامل ہوتی ہیں، فوڈ سیفٹی حکام سے کارروائی کا مطالبہ

مانسہرہ (رہنواز خان) شہر مانسہرہ و گردونواح کے بعض شادی ہالز میں شادی بیاہ اور ولیمہ کی تقریبات کے دوران مہمانوں کو پینے کے پانی کی مبینہ طور پر بغیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

ایبٹ آباد میں بھکاریوں کی تعداد میں خطرناک اضافہ

بازاروں میں شہریوں کا راستہ روک کر زبردستی بھیک وصولی سے شہری پریشان

ایبٹ آباد (نامہ نگار) شہر سمیت ضلع بھر میں بھیک مانگنے والوں کی تعداد میں خطرناک اضافہ مرد نما ہجڑوں عام بھیک مانگنے والوں نے بازاروں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

جماعت اسلامی کا عبدالرزاق فوجی کے اعزاز میں استقبالیہ

اوگی (نامہ نگار) ایوانِ تجارت اوگی کے سینئر نائب صدر عبدالرزاق فوجی کے اعزاز میں جماعت اسلامی تاجر نمائندوں کی تقریب ایوانِ تجارت اوگی کے سینئر نائب صدر عبدالرزاق فوجی کے اعزاز میں جماعت اسلامی تاجر نمائندوں کی تقریب اوگی: ایوانِ تجارت اوگی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

ایبٹ آباد' ماڈرن ایج پبلک سکول میں چوتھے ادبی میلہ سے مہمان خصوصی افتخار عارف اور واحد سراج میر خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنماؤں کی ایم پی اے سردار محمد ریاض پر فائرنگ کی مذمت

حاجی ملک افرین اور احسان اللہ باقی کی کوہستان حجرہ آمد، سیاسی اختلافات حل کرنے پر زور

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی حاجی ملک افرین، ضلعی صدر پی ٹی آئی احسان اللہ باقی کی کوہستان حجرہ آمد، رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز سردار محمد ریاض پر گزشتہ روز ہونے والے فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت، سابق رکن قومی اسمبلی حاجی ملک افرین اور پی ٹی آئی کے ضلعی امیر اجسان اللہ باقی و سردار ایوب خان و دیگر نے کوہستان حجرہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سردار شیر خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر حاجی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

سی پیک روڈ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، حادثات کا خطرہ

موٹر سائیکلوں کی آمدورفت، ویگنوں اور کیری ڈبوں کی جگہ جگہ پارکنگ سے شہری پریشان، موثر ترین اقدامات کئے جانے کا بھرپور مطالبہ

شنکیاری (چیف رپورٹر) سی پیک روڈ پر موٹر سائیکلوں کی آمدورفت اور ویگنوں، کیری ڈبوں کا جگہ جگہ سواریاں اتارنے بٹھانے کا سلسلہ جاری، حادثات کا خطرہ بڑھ گیا سی پیک روڈ پر موٹر سائیکل چلانے اور غیر مجاز مقامات پر گاڑیوں کے ذریعے سواریاں اتارنے یا بٹھانے کی پابندی کے باوجود متعدد مقامات پر ٹریفک قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی جاری ہے۔ موٹر سائیکل سوار نہ صرف سی پیک روڈ پر سفر کرتے دکھائی دیتے ہیں بلکہ ویگنیں اور کیری ڈبے بھی جگہ جگہ رک کر سواریاں اتارنے اور بٹھانے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

گاؤں کھڑیالہ کا بہادر سپوت ڈاکوں سے مقابلے میں شدید زخمی

زخمی پولیس اہلکار کو فوری طور پر انڈس ہسپتال کراچی منتقل کیا گیا ہے

مانسہرہ (چیف رپورٹر) ضلع مانسہرہ تحصیل اوگی یونین کونسل کروڑی گاؤں کھڑیالہ کا بہادر سپوت ڈاکوں سے مقابلے میں شدید زخمی۔ سندھ پولیس کا بہادر سپوت، کانسٹیبل ملک اویس تنولی کورنگی جام صادق پل پر ڈاکوں کی فائرنگ سے مقابلے کے دوران شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی پولیس اہلکار کو فوری طور پر انڈس ہسپتال کراچی منتقل کیا گیا ہے جہاں وہ انتہائی نگہداشت وارڈ (ICU) میں زیرِ علاج ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق زخمی پولیس اہلکار کی حالت تشویشناک ہے۔ سندھ پولیس کے اس قابلِ فخر نوجوان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری سنٹر ایبٹ آباد دورے کے موقع پر سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

قلندر آباد انٹرچینج پر احتجاج کے دوران ایس ایچ او منگل تنویر خان نوجوانوں کیساتھ موجود

سرکل بکوٹ کے وفد کی صوبائی وزیر نظیر عباسی سے ملاقات


پھلڑہ ڈپٹی کمشنر مانسہرہ ڈی پی او مانسہرہ اجتماع کے پنڈال کا جائزہ لے رہے ہیں

ایبٹ آباد الشفا ٹرسٹ آئی ہسپتال راولپنڈی کے زیر اہتمام تین روزہ فری میڈیکل آئی کیمپ جاری ہے

موجودہ حکومت نے بالآخر غریب عوام پر پٹرولیم بم گرا دیا

قیمتوں میں اضافہ سے مہنگائی کا اٹد آیا، اشیاء خوردونوش مہنگی، عوام پریشان

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) حکومت نے بالآخر غریب عوام پر پٹرولیم بم گرا دیا حکومت نے پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کردیا جس کی وجہ سے غریب عوام پر ایک بار پھر مہنگائی کا طوفان امڈ آیا ہے غریب عوام پہلے ہی آٹا، ڈالڈا، چینی، چائے اور دیگر اشیاء ضروریہ کے نرخوں میں اضافہ کے باعث پریشان تھی اب ایک بار پھر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی اضافہ ہونے کا خدشہ ہے جب بھی حکومت پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر48)

سیاستدان اداروں پر تنقید کے عادی ہوگئے، صلاح الدین خان

اقتدار میں اداروں کی تعریفیں، اپوزیشن میں تنقید؛ عوام ٹیکسوں اور مراعات کے بوجھ تلے دب چکے ہیں

بجنہ (نامہ نگار) سیاستدانوں نے عوامی خدمت کی بجائے اسٹیبلشمنٹ پر تنقید کرنا مستقل عادت بنالی۔ یہ بات سینئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات کے بعد شمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی کئی دہائیوں سے ہمارے ملک کے سیاستدانوں کی طرف سے غریب کی مشکلات کم کرنے والی فکر کو چھوڑ کر حکمرانی، اقتدار، طاقت، لاکھوں کی تنخواہیں اور مفت مراعات انجوائے کرنے یا پھر اداروں پر تنقید کے کھیل پر اب قوم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

جھنگی سٹاپ ایبٹ آباد میں تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلع ایبٹ آباد کے شہریوں کے لیے الشفا آئی ٹرسٹ راولپنڈی کے زیراہتمام جمعیت علمائے اسلام کے منتظمین کے رضا کاروں نے جھنگی سٹاپ مانسہرہ روڈ پر تین روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا مولانا غلام مجتبیٰ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)